فیروزے چاکلیٹ باکس اٹھاکے اپنا دوبٹہ لہراتے ہوئے ڈانس سٹیپ کرتی ھے پھر بیڈ پر چڑھ کہ گول گول گھومتی ھے اور پھر کچھ دیر یونہی خوشی سے ڈانس سٹیپ کرنے کے بعد بیڈپر بیٹھ جاتی ھے اور مزے اپنی چاکلیٹس کھانے لگتی ھے کیونکہ وہ تھی چاکلیٹ کی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دیوانی ایسے موقعوں پہ جب اسے اسکی فیورٹ چیز چاہے آئسکریم ہویا چاکلیٹ ہو یا اسکی فیورٹ چیزوں میں سے کچھ بھی

اسکی خوشی کا اندازہ اسکے ڈانس سٹیپ سے بیاں ہوتا

اور پھر یہ کیا پورے روم میں فیروزے کی خوبصورت کھنکتی ہنسی گونجتی ھے

اور پھر سے کوئی اسے دلچسپی سے دیکھنے کے ساتھ اسکے ایک ایک فیس ایکسپریشن کو نوٹ کر رہا ہوتا ھے اگرچہ وہ کتنا ہی ڈسٹرب کیوں نہ تھا لیکن اپنے لو کو دیکھ اسکے چہرے کی ساری تھکاوٹ ارن چھو ہوگئی

اور پھر وہ اس حسین لڑکی کی ہنسی میں کہیں کھو جاتا ہے

This is me

All of me '

And I'm yours ."

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

Ahhhhhhh

Kizlarim

The memory of your smile was recorded in my heart ❤

❤❤❤

ظہان کی جلسوں میں شرکت عوام میں مقبولیت کا باعث بن رہی تھی ۔ظہان کا خطاب سننے کیلئے لوگ صبح سے آنا شروع ہو جاتے ہر اس جگہ جہاں پر ظہان حیدر شاہ کا جلسہ متوقع ہوتا ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان بہت نرم دل 'رحم دل طبعیت کا مالک ہے اور اپنی عوام کی ہر ضرورت کو کو پورا کرنا اسکا اولین فرض ھے یہی بات مخالفین کو کھٹک رہی تھی ۔

ظہان حیدر شاہ کی دن بعدن بڑھتی شہرت اسکے سب سے بڑے مخالف دراب خان کے لیئے پریشانی کا باعث بن گئی کیونکہ اس کے اپنے علاقے کے لوگ بھی ظہان حیدر شاہ کے گن گا رہے ہوتے ہیں ۔

دراب اب ہر وہ طریقہ استعمال کرنے کی ٹھان لیتا ھے کہ جس سے ظہان حیدر شاہ کو زیر کیا جاسکے اور اسکے بھیجےگئے جاسوس کوئی خاطر خواہ خبر نہیں دے سکے ۔

آجکل ہرکوئ دراب خان کے زیرعتاب تھا اسکا غصہ کسی بھی صورت کم نہیں ہورہا تھا ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

!!بس

اب بہت صبر ہوگیا ظہان حیدر شاہ تمہارا کچھ بندوبست کرنا پڑے گا ۔۔۔۔۔

تمہیں یہ الیکشن ہر صورت ہارنا پڑے گا ۔۔۔۔۔اس کے لیئے مجھے کچھ بھی کرنا پڑا چاھے وہ صحیح ہو یا غلط میں کر گزروں گا ۔۔۔۔۔

ان پریشان کن لمحات میں حورا کی یاد دراب خان کے لیئے مسرت کا باعث تھی ۔۔۔ الیکشن میں بزی ہونے کی وجہ سے میں تمہیں بھول گیا تھا ۔۔۔۔بس اب حورا کو اپنی زندگی میں شامل کروں گا ۔۔۔۔کل صبح سب سے پہلے باباجان سے اس بارے میں بات کروں گا ۔۔۔۔وہ انہی سوچوں میں نیند کی وادیوں میں چلا جاتا ہے ۔

صبح بیدار ہونے کے بعد وہ نوید کو کال کرکے اپنے روم میں آنے کا کہتا ھے ۔

دروازہ پر دستک ہوتی ھے

آجائیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

یس سر! آپ نے ہمیں یاد کیا؟

!!ہاں

اس دن جو ایکسیڈنٹ ہوا تھا اسکے بارے میں بتائو اب میڈم کی کیسی طبعیت ہے ----

تم نے خیال رکھا تھا؟

یس سر! میں ہسپتال میں ہی رہا تھا اور انہیں ایک دن کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا تھا

اس دوران میں زوہیب صاحب کے ساتھ سائے کی طرح رہا ہوں تاکہ ہر ضرورت کو کو

پورا کر سکوں ----

شکر ہے اب حورا کی طبعیت ٹھیک ھے ----

(دراب اپنے دل میں کہتا ھے)

شاباش نوید مجھے تم سے یہی امید تھی کیونکہ تم اپنا کام اچھے سے کرتے ہو یہی وجہ ھے

کہ تم میرے خاص ملازم ہو ---

زوہیب صاحب کے گھر کا پتہ بتائو ---ان کے گھر کا پتہ تمہارے پاس ہے؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جی ۔

ٹھیک ھے پھر آج شام کو تیار رہنا ہم ان کے گھر جائیں گے اور کچھ تحائف اور مٹھائیوں کا بھی انتظام کرو ۔۔

اب تم جاسکتے ہو ۔۔۔۔

دراب خان اپنے باباجان کے ساتھ ناشتہ کرتا ہے ۔

باباجان آپ سے بہت اہم بات کرنی ھے ۔۔۔

!بولو دراب

آج آپکو میرے ساتھ کسی کے گھر جانا ھے

کہاں؟؟؟؟

اصل میں باباجان میں نے ایک لڑکی پسند کی ہے اور آپ آج شام میرے ساتھ ان کے گھر جائیں گے میرا رشتہ لے کر ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب ۔۔۔۔!! ایسے اچانک کیسے چلے جائے ۔لڑکی کون ہے،کیسا خاندان ہے؟؟؟ یہ سب جانے بغیر میں کسی کے گھر نہیں جاسکتا ۔۔۔۔

باباجان! میں نے سب پتہ کروالیا ہے آپ کو کیا لگتا ھے میں ایسے ہی کسی ایرے غیرے کے گھر چلا جاؤں گا ۔۔۔۔آپ کو مجھ پر یقین ہونا چاہیے ۔۔۔۔۔۔

وہ تو ٹھیک ھے بیٹا ۔۔۔

بس!!!! باباجان

میں نے جو کہنا تھا وہ کہہ دیا آپ شام کو تیار رہیئے گا ہم بس جارہے ہیں ۔۔۔

!!!!ٹھیک ہے دراب

اب تمہاری خواہش پوری تو کرنی پڑے گی ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بیگم کتنے دنوں سے میں آپ سے بہت اہم بات ڈسکس کرنا چاہتا ہوں مگر الیکشن میں مصروفیت کی وجہ سے ٹائم نہیں ملا ۔۔۔

سکندر شاہ، ظہان حیدر شاہ کی والدہ سے مخاطب ہوتے ہیں ۔

آپ بتائیں شاہ جی! ایسی کیا بات ہے جس نے آپ کو اتنا پریشان کر رکھا ھے ۔۔۔

بیگم میں سوچ رہا ہوں الیکشن سے پہلے ظہان کی شادی کر دے ۔اپنے خاندان کے لیئے میں نے بہو بھی پسند کر لی ہے ۔۔۔۔۔

آپ نے بہو بھی پسند کر لی ہے اور مجھے بتانا بھی ضروری نہ سمجھا ۔۔۔۔

نہیں ایسی بات نہیں ہے آپ کو ابھی بتایا تو ہے مصروفیت کی وجہ سے بات ذہن سے نکل گئی ۔

ہمم وہ تو ٹھیک ھے شاہ جی مگر آپ ظہان ہمارہ اکلوتا بیٹا ہے کیا پتہ وہ کسی کو پسند کرتا ہوں ۔۔۔۔ہم ایسے کیسے اچانک کسی لڑکی کو اسکی زندگی میں شامل کردیں ۔۔

یہ تو ٹھیک نہیں ہوگا ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بیگم بات تو آپ کی بھی درست ہے مگر ظہان کو میری خواہش کا احترام تو کرنا پڑے گا --

پھر بھی آپ ظہان سے اسکی پسند کا پوچھ لیں ---

لیکن رشتہ وہی ہوگا جہاں میں نے طے کردیا ہے اور مجھے یقین ھے میرا بیٹا مجھے انکار نہیں کرے گا ---

" ظہان حیدر شاہ"

سیاست کا وہ ابھرتا ھوا سورج ہے جسکی تیز روشنی اور تپش مخالفین کے لیئے عذاب ہے ------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سکندر شاہ ایک دوراندیش شخص ہیں جو ظہان حیدر شاہ کو مستقبل کے بڑے سیاستدانوں میں دیکھ رہے ہیں ---

"ویسے بھی یہ بات مشہور ہے "جتنی ذیادہ شہرت اتنے زیادہ دشمن ----

یہ بات سکندر شاہ بخوبی جانتے تھے ۔

ظہان کی سیکیورٹی بھی بڑھ جاتی ھے ۔سکندر شاہ اسے کہیں بھی اکیلے نہیں جانے دیتے تھے --انہوں نے ظہان کے لیئے بہت سارے باڈی گارڈز ہاہیرکیے تھے لیکن ان میں شامل ایک باڈی گارڈ ایسا تھا جو دراب خان کا وفادار تھا ---

آنے والے وقت میں وہ ظہان حیدر شاہ کےلیے بہت بڑا خطرہ ثابت ہونے والا تھا۔

ظہان حیدر شاہ، جسکی دہشت کا سایہ دشمنوں پہ ہر وقت منڈلاتا رہتا ھے وہ اپنی حفاظت کرنا خوب اچھی طرح جانتا ہے ۔ وہ تو صرف اور صرف اپنے بابا سائیں کی تسلی کی خاطر اپنے ساتھ باڈی گارڈز رکھنے پر مجبور ہے --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسے اسلام آباد نہایت اہم میٹنگ کے لیئے جانا ہوتا ھے ۔

!!!بابا سائیں

ظہان میرے شیر ۔۔۔ادھر آو

وہ انکے پاس جاتا ھے

مجھے آپ سے بہت اہم بات کرنی ھے ۔

بولو ۔۔

مجھے ابھی اسلام آباد جانا ھے بہت اہم کام ہے اگر آج میں نہ جاسکا تو بہت نقصان ہو جائے گا ۔

مگر ظہان ۔۔ ہم آپ کو ایسے کیسے جانے کی اجازت دیں ۔آپ کو اچھی طرح اندازہ ہے دشمن ہر طرف سے گھات لگائے بیٹھے ہیں کسی طرح آپ کو نقصان پہنچا سکے ۔۔۔

!!!!ہم جانتے ہیں بابا سائیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اپنی حفاظت کرنا خوب اچھی طرح سے جانتا ہوں ۔بس آپ کی دعااور اعتماد کی ضرورت ھے ۔

آپ کو مجھ پر یقین ھے؟؟

!!ہاں

پھر آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے کل صبح ہونے سے پہلے تک آجاؤں گا ---

اجازت دیں -----

ظہان بیٹا---

سیکیورٹی کے ساتھ جارہا ھوں اب تو آپ خوش ہیں ۔

!!!!ٹھیک ھے بیٹا

تمہارے ساتھ اپنا خاص، وفادار ملازم جائے گا ---

!!!مکرم -----

جی سائیں---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آج سے چھوٹے سائیں کے ساتھ تم نے رہنا ہے اور ان کی حفاظت تمھاری ذمہ داری ہے کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاھیے ۔

!!!جیسا آپ کا حکم

اچھا بابا سائیں! میں مما جانی سے مل لو ۔

وہ اپنی مما جانی کے کمرے جاتا ھے انکے گلے لگتا ہے اور عقیدت سے ان کے ہاتھوں کو چومتا ھے ۔

مما جانی!! اجازت دیجیے مجھے کچھ ضروری کام کے لیئے اسلام آباد جانا ھے

ظہان میری جان، میری آنکھوں کی ٹھنڈک ---کیا جانا ضروری ھے ---

جی مما جانی ---

فی امان اللہ

جلدی آنا بیٹا

جی موم ---کل ناشتہ آپ کے ساتھ آپ کے ساتھ کروں گا ---

دعا کیجئے گا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میری دعائیں ہمیشہ تمہارے ساتھ ہیں ---

مجھے بھی تمہارے ساتھ بہت ضروری بات کرنی تھی ---

آپ بتائیں --- مما

نہیں ابھی نہیں -- کل صبح بات ہوگی ---

!! جیسے آپ کو مناسب لگے

اپنا اور بابا سائیں کا خیال رکھیئے گا ---

اللہ حافظ ---

کچھ دن ریسٹ کرنے کے بعد حورا بھی اب کافی حد تک ٹھیک ہوگئی ہے ۔

وہ بھی یونیورسٹی جارہی ھے ایکسیڈنٹ کی وجہ سے اس نے یونیورسٹی سے چھٹیاں لی ہوئ تھی ۔اور اسکی پڑھائی کا بوجھ زیادہ بڑھ گیا تھا۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا سب کو ناشتہ کی ٹیبل پر سلام کرتی ہے اور اپنے پاپا کے گلے ملتی ہے ۔

ہوگیا تیار میرا بچہ ---

جی!! پاپا

کچھ دن اور ریسٹ کر لیتی بیٹا -----

نہیں پاپا

پہلے ہی سڈیز کا

بہت لوس ہوگیا ہے

اب مزید نہیں ----

اوکے! ایز یو ویش بیٹا---

فیروزے کہاں ہے؟ نظر نہیں آرہی ---

وہ کالج جاچکی ہے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا جلدی جوس پیتی ہے اور باہر اپنی کار کی طرف جارہی ہوتی ھے ---

تب زوہیب صاحب اسے روکتے ہیں ---

روکو! پرنسز

آج میں خود اپنی بیٹی کو یونیورسٹی چھوڑنے جائوں گا ۔

!!!!اووووو----سچ میں پاپا

حورا کو خوش دیکھ کر ان کے چہرے پر نرم مسکراہٹ آجاتی ھے

بلکل سچ --

اوکے ممی ہم جارہے ہیں

اللہ حافظ--

پتا ہے پاپا! میرا خود کا بہت دل تھا آج یونی آپ کے ساتھ جائوں مگر آپ مصروف ہوتے ہیں اس لیئے نہیں کہا ----

کار میں بیٹھتے ہی حورا بولنا شروع ہوجاتی ھے۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں پہلے سے ہی جانتا تھا اسلیئے آج اپنی پرنسز کو جود چھوڑنے جارہا ہوں ---

!!!پاپا ۔ ----

اس دن میں اتنا ڈر گئ تھی کہ کیا بتائوں آپ کو -----مجھے ایسے لگ رہا جیسے میں کسی کو بھی دوبارہ نہ دیکھ پائوں گی ----

آج پہلی بار حورا ایکسیڈنٹ کے بعد اپنی فیلنگز شیئر کررہی ہے ---

وہ بات کرتے ہوئے کپکپا رہی تھی اور آنکھوں میں بھی آنسو تھے---

اسکے پاپا نے جلدی سے سائڈ پر کار روکتے ہیں اور حورا کو گلے لگاتے ہیں ۔

!!!بس میری جان

وہ ایک برا خواب تھا بھول جائوں اس دن کو -----

اب تم بلکل ٹھیک ہو ۔

مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے پاپا ---

اگر پھر ایسا ہوا ----تو

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

شش ۔۔۔۔ایسا کچھ بھی نہیں ہوگا ۔

آپ کو اپنے پاپا پر یقین ہے ناں ۔۔

حورا۔۔۔ہاں میں سر ہلاتی ہے اور ایسے کرتے ہوئے اسکے چہرے پر مسکراہٹ ہوتی ھے

۔۔۔۔

اب چلیں ۔ ۔

جی پاپا ۔۔

اسطرح وہ حورا کو یونی چھوڑ کر آفس چلے جاتے ہیں

♥♥♥♥♥♥

دوسری طرف ۔۔۔۔

دراب خان

ظہان حیدر شاہ پر حملے کا منصوبہ بناتا ہے ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نوید ۔۔۔۔سنا ہے ظہان حیدر شاہ بہت رحمدل ہے اور ہر حال میں لوگوں کی مدد کرتا ہے ۔۔۔

تو کیوں نہ اسکی اس خاصیت کا فائدہ اٹھایا جائے ۔۔۔۔

جیسے آپ کو مناسب لگے سر۔۔۔

ہمم ۔۔۔

آج وہ اسلام آباد جارہاھے واپسی پر اسکا کام تمام ہوجانا چاھیے ۔۔۔۔

آج رات تک کام ہوجانا چاھیے ۔

اب آگے کا کام تم جانتے ہو بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔

جی سر ۔۔۔

رات تک آپ کو خبر مل جائے گی ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

شام کے وقت دراب خان ۔۔۔اپنے باباجان کے ساتھ زوہیب صاحب کے گھر کی طرف

روانہ ہوتا ہے ۔

ایک گھنٹے کے طویل سفر کے بعد بالآخر وہ انکے گھر پہنچتے ہیں ۔۔۔۔

چوکیدار ۔۔۔۔زوہیب صاحب کو مہمانوں کی آمد کی اطلاع دیتا ہے ۔۔۔

وہ خود رسیو کرنے آتے ہیں اور دراب خان کو دیکھ کر بہت خوش ہوجاتے ہیں ۔۔۔

اسلام و علیکم ۔۔۔۔انکل

وسلام ۔۔۔۔بیٹا

ان سےملے یہ میرے باباجان ہیں

اسطرح انکا تعارف ہوتا ہے

آئے اندرچلے

سب ڈرائنگ روم میں جاتے ہیں

بہت خوشی ہوئ آپ سے ملکر

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

زوہیب صاحب دراب اور اسکے باباجان سے کہتے ہیں ۔

ہمیں بھی۔۔۔۔

باتوں کے دوران رخسانہ بیگم چائے اور دیگر لوازمات کے ساتھ اندر آتی ہیں ۔۔۔

دراب ۔۔۔کھڑے ہوکر انہیں سلام کرتا ہے ۔۔۔۔

اور سناو دراب کیسا کام چل رہا ہے

انکل آپ تو جانتے ہیں سیاست کرنا کوئی آسان کام نہیں ہے ۔۔۔پھر بھی سب ٹھیک ہے بس الیکشن کی تیاریاں ہورہی ہیں ۔۔۔

دراب کے باباجان بھی زوہیب صاحب سے بات کرتے ہیں اور باتوں میں ہی انکے خاندان کی ساری ہسٹری معلوم کرتے ہیں اور کافی حد تک مطمئین ہوجاتے ہیں ۔

انکل اب آپ کی بیٹی کی طبعیت کیسی ہے ۔۔میں مصروف تھا اسلیئے کال نہیں کرسکا ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میری بیٹی اب بلکل ٹھیک ھے ایک بار پھر آپ کا بہت بہت شکریہ ۔۔۔آپ نے میری بچی کی جان بچائی ۔

انکل اب آپ مجھے شرمندہ کررہے ہیں ۔۔۔۔

اسطرح سیاست کی باتیں ہوتی رہتی ہیں ۔۔۔

حورا بھی یونیورسٹی سے واپس آچکی ہوتی ھے وہ فیروزے کے ساتھ روم میں ہوتی ہے ۔۔۔

ہم آج بہت اہم کام کیلیے آپ کے گھر تشریف لائے ہیں ۔۔۔ سمجھ میں نہیں آرہا کیسے بات کروں ۔۔۔

دراب کے باباجان زوہیب صاحب سے مخاطب ہوتے ہیں ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جی آپ بولیں ----میں سن رہا ہوں -----

ہم اپنے بیٹے دراب خان کے لیئے آپکی بڑی بیٹی کا رشتہ لے کر آئیں ہیں ----

اور ہمیں امید ہے آپ انکار نہیں کرے گے ----

ڈائننگ روم میں خاموشی چھا جاتی ھے -----

پھر زوہیب صاحب کی آواز آتی ھے ----

آپ ہمارے گھر آئیں ہیں یہ بات قابل احترام ہے مگر میری طرف سے انکار ہے ----

دراب اور اسکے باباجان یہ بات سن کر پریشان ہوجاتے ہیں ہیں ---

انکار کی وجہ جان سکتے ہیں ---؟؟؟؟

میری بڑی بیٹی کا رشتہ طے ہوچکا ہے اور جلد ہی اسکی شادی ہو جائے گی ----

دراب یہ بات سن کر شاکڈ ہوجاتا ہے اور یہی حال رخسانہ بیگم کا بھی ہوتا ہے -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آپ نے دیر کردی آنے میں

زوہیب صاحب کہتے ہیں ---

بیچارہ دراب سکتے کی حالت میں ہوتا ھے اسے یقین نہیں آرہا ہوتا کہ اسے انکار

ہوگا -----

آپ کی بات میں سمجھ سکتا ہوں مگر میرے بیٹے کی اور میری بھی شدید خواہش تھی کہ

آپ کی بیٹی ہمارے گھر کی بہوبنے ----

میں مجبور ہوں---اور ویسے بھی جوڑے آسمانوں پر بنتے ہیں ----

زوہیب صاحب دراب کے باباجان کو جواب دیتے ہیں ----

ٹھیک ھے ---!!!

اب ہمیں اجازت دیجیے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ارے ایسے کیسے کھانا کھا کر جائے ----

نہیں بہت شکریہ

اب ہمیں جانا ہوگا -----

باہر جاتے ہوئے دراب کی نظر اچانک ٹیرس پر جاتی ھے

حورا مسکرا رہی ہوتی ہے

دراب بے اختیار ہوکر دیکھتا رہتا ہے ---

بابا جان کی آواز پر وہ ہوش کی دنیا میں آتا ھے

وہ واپس چلے جاتے ہیں -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مہمانوں کے جانے کے بعد رخسانہ بیگم رشتے کے بارے میں ابھی پوچھ رہی ہوتی ہیں کہ زوہیب صاحب کو کال آتی ھے اور وہ جلدی سے اپنے روم میں جاتے ہیں اور کال اٹینڈ کرتے ہیں --------

دراب واپسی پر سارا راستہ خاموش رہتا ھے اور کوئی بھی اسکی خاموشی میں دخل نہیں دیتا ۔

یہی حال اسکے باباجان کاہے وہ بھی پریشان ہوتے ہیں کیونکہ دراب کا رد عمل خلاف توقع ہے ۔

حویلی پہنچنے کے بعد وہ سیدھا اپنے کمرے میں جاتا ھے اور حکم دیتا ہے کوئی بھی اسے ڈسٹرب نہ کریں ۔یہ حکم اسکے باباجان کے لیئے بھی ہوتا ھے ۔وہ دراب سے بات کرنا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

چاھتے ہیں مگر دراب کے غصے کی وجہ سے کوئی بات نہیں کرتے اور دراب اس وقت اکیلا رہنا چاھتا ہے ---

ایسا کیسے ہوسکتا ہے ---

آخر کہاں مجھ سے غلطی ہوگئی کہ حورا مجھے نہ مل سکی ---

دراب اضطراب کی حالت میں کمرے میں چکر لگا رہا ہے ---

مجھ سے یہ برداشت نہیں ہورہا ----

حورا کو میں کسی اور کے ساتھ نہیں دیکھ سکتا ---

وہ میری محبت ہے ----صرف اور میری ----

زوہیب صاحب نے مجھے مجبور کردیا ہے کہ ان کو میں اپنا وہ روپ دیکھاوں جو صرف میں اپنے دشمنوں کو دیکھاتا ہوں ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

"حورا کو حاصل کرنا اب میری ضد ہے ۔۔۔۔"

یہاں پر دراب خان غلطی کر جاتا ھے کیونکہ اب وہ اپنی قسمت سے لڑ رہا ہے کیونکہ قسمت کا لکھا کوئی نہیں ٹال سکتا ۔۔۔۔

دراب کو چاہیے تھا کہ وہ صبر کر جاتا اور قسمت کے خلاف نہ جاتا اور کوئی غلط طریقہ استعمال نہ کرتا ۔۔۔

مگر اب کیا ہوسکتا ہے ۔

□□□□□

اسلام آباد پہنچنے کے بعد ظہان اپنے بنگلو پر ریسٹ کرتا ہے اور پھر فائل ریڈ کرتا ہے ۔۔۔۔۔۔ اور پھر شام میں میٹنگ کیلئے اپنے آفس جاتا ہے ۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میٹنگ روم میں موجود ظہان حیدر شاہ اپنے کلائنٹس کے ساتھ اپنے پروجیکٹ کے اہم پوائنٹس ڈسکس کرتا ہے ہر کوئی ظہان حیدر شاہ کی پریزینٹیشن دیکھ اور سن رہا ہوتا ھے بالآخر دو گھنٹے کے بعد میٹنگ ختم ہوتی ھے اور ظہان حیدر شاہ کی ڈیل دوسری ٹیم کے ساتھ ڈن ہوجاتی ھے ----------

میٹنگ ختم ہوتے ہوتے دس بج جاتے ہیں

ظہان حیدر شاہ آفس سے گھر واپس جانے کی تیاری کرتا ہے

دوسری طرف نوید اپنے خاص بندوں کو ظہان حیدر شاہ پر حملے کا حکم دیتا ہے کیونکہ اسکے خاص بندے نے ظہان کی واپسی کی اطلاع دی ہوتی ہے

مکرم ----

!جی چھوٹے سائیں

ہم ابھی واپس حویلی جارہے ہیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر سائیں _ ابھی تو کافی رات ہوچکی ھے اگر آپ برا نہ منائیں تو ہم صبح کے وقت واپس جائیں؟

مکرم ------

مجھے ابھی واپس جانا ھے اسکا مطلب ابھی اور کوئی بحث نہیں

!جو حکم چھوٹے سائیں

ٹھیک ھے سیکیورٹی ریڈی کرو اور مجھے اطلاع دو

پھر ہم روانہ ہونگے اور خبردار جو بابا سائیں کو کچھ بتایا تو

شاہ جی ---

آپکی ظہان سے بات ہوئی؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نہیں فلحال تو نہیں ہوئی البتہ مکرم سے شام کو بات ہوئی تھی اور وہ بتا رہا تھا کہ وہ میٹنگ میں بزی ھے ----

اچھا آپ ایک بار کال تو کریں ظہان کو ---

!جو حکم آپ کا

(سکندر شاہ اپنی بیگم کے ساتھ مزاق میں کہتے ہیں)

شاہ جی یہ وقت مزاق کرنے کا نہیں آپ ابھی اور اسی وقت میرے بیٹے کو کال کریں --- -----

ناجانے کیوں میرا دل بہت گھبرا رہا ہے

!اللہ کرے سب ٹھیک ہو

اچھا بیگم آپ زیادہ سٹریس نہ لیں میں کال کرتا ہوں --

سکندر شاہ ظہان کو کال کرتے ہیں لیکن وہ نہیں اٹھاتا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیا ہوا شاہ جی؟

ظہان کال کیوں نہیں اٹھا رہا ---

بیگم صبر کریں ابھی تو کال کی ھے اٹھا لے گا بزی ہوگا

سکندر صاحب کافی دیر تک کال کرتے رہتے ہیں لیکن دوسری طرف کوئی جواب نہیں ملتا

اب تو انھیں بھی فکر ہورہی تھی

پھر وہ مکرم کو کال کرتے ہیں اور وہ پہلی بیل پہ ہی اٹھا لیتا ھے ۔

ہاں _

مکرم ظہان کہاں ھے وہ ٹھیک تو ھے کال کیوں نہیں اٹھا رہا سکندر شاہ شروع ہوجاتے ہیں -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جی جی بڑے شاہ سائیں وہ ٹھیک ہیں

وہ میٹنگ میں بزی ہیں جیسے ہی فارغ ہوتے ہیں میں اپکی بات کروانا ہوں

ٹھیک ھے مکرم جلانے میری بات کروانا

!جی بڑے سرکار جو حکم آپ کا

دیکھا بیگم آپ ایسے ہی پریشان ہورہی تھیں سب ٹھیک ھے

❤❤❤❤

حورا اور فیس جیسے ہی ڈائننگ ٹیبل پر اتی ہیں تو دونوں اپنی ممی پاپا کوئی خاموش دیکھ کر پریشان ہوجاتی ہیں

کیا ہوا سب ٹھیک ھے ممی پاپا کوئی پریشانی ھے سب ٹھیک تو ھے آپ دونوں خاموش کیوں ہیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

زوہیب آور رخسانہ بیگم دونوں جو اپنے خیالوں میں ہوتے ہیں ہربڑاکہ حورا کی طرف متوجہ ہوتے ہیں

نہیں بچے کوئی پریشانی نہیں ھے سب ٹھیک تو ھے

آپکے پاپا آفس کے بارے میں سوچ رہے تھے اور تو کوئی بات نہیں ۔

❤❤❤❤

دراب خان کے جانے کے بعد زوہیب صاحب کو کسی کی کال اتی ھے وہ اس کال کے بعد سے ہی چپ چپ تھے ۔

!!!پاپا ----

ممی کیا ٹھیک کہہ رہی ہیں یہی وجہ ھے یا کوئی اور بات ---؟

فیروزے پوچھتی ھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ جلدی سے اپنے آپ کو سنبھالتے ہیں کیونکہ حورا اور فیروزے دونوں پریشان اور اداس بیٹھی ہوتی ہیں ----

آف کورس -----پرنسز

آپ کی ممی ٹھیک کہہ رہی ہیں ۔

میں ٹھیک ہو ---آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے ---

چلو اب کھانا کھانا شروع کروں -----

تم دونوں آتے ہی باتوں میں لگ گئی ہوں ۔

اووووو-----

" ممی" ڈارلنگ

کھانا کھا تو رہے ہیں اور کیا چاہیے -----؟ آپ کو

دیکھ رہے ہیں آپ اپنی لاڈلی کو اسے تو بس موقع چاہیے "ڈارلنگ "کہنے کا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

(رخسانہ بیگم کو غصہآجاتا ہے)

ہاہاہاہاہا ۔۔۔۔۔حورا اور اسکے پاپا کا قہقہ گونجتا ھے ۔۔۔

کیونکہ رخسانہ بیگم کو لفظ "ڈارلنگ " سے چڑ ہے ۔

فیروزے اٹھ کر انکے پاس آتی ہے

اووووو ۔۔۔میری پیاری ممی ان کو گال پر کس کرکے انہیں مناتی ہے ۔

اسطرح تنائو کی کیفیت فیروزے کی بدولت ختم ہوجاتی ہے اور سب ہنستے ہوئے کھانا ختم کرتے ہیں ۔

حورا ۔۔۔۔

فیروزے ۔۔۔

تم دونوں نے سونا نہیں؟؟؟

چلو اپنے روم میں جائوں ابھی ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ممی میں اور بجو کچھ دیر واک کریں گے ----

زوہیب صاحب بھی وہاں آتے ہیں ---

پاپا پلیز ---- ممی کو آپ کہیں بس تھوڑی دیر واک کرنے دیں ---

بجو -----

آپ بھی بولیں ----

جی ممی پاپا

ہم بس کچھ دیر واک کریں گے اور پھر سونے چلیں جائ گیں ---

اوکے بیٹا ----

تھینکو سو مچ پاپا ---

دونوں انہیں گڈ نائٹ کہتی ہیں -----

لان میں آنے کے بعد وہ دونوں واک کرنا شروع کردیتی ہیں ---

بجو ----!!

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دیکھیں کتنا اچھا موسم ہے ---

آج رات تو" فل مون " ہے

آپ کی فیورٹ رات

فیروزے ----حورا کو کہتی ھے ۔

پورا چاند کتنا پیارا لگ رہا ہے

بلکل آپ کی طرح ----

فیروزے کی بات سن کر حورا کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ھے ۔

اچھا تو میں اپنی چھوٹی بہن کو چاند کی طرح لگتی ھوں؟؟؟؟

وہ فیروزے سے سوال پوچھتی ہے۔

آف کورس -----!!! بجو

آپ کو پتہ ہے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آپ دنیا کی حسین ترین لڑکی ہیں اور آپ کے ہذبینڈ دنیا کے خوش قسمت ترین انسان "
ہوگے ۔کیونکہ ہماری خوبصورت سی پری اس چاند کی طرح ان کی زندگی کو روشن کردے
"گی ----

!فیروزے -----

اتنی زیادہ تعریف کرنے کا شکریہ ----

اووہو --- بجو

یہ کوئی تعریف نہیں ---

آپ سچ میں ایسی ہیں جیساکہ میں نے بتایا ہے ----

مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے ---

ہمم ---پوچھو کیا بات پوچھنی ہے ---؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آپ کو کیسا لائف پارٹنر چاھیے؟؟؟

کیا بتانا ضروری ھے ---؟؟؟

فیروزے ---ہاں میں سر ہلاتی ہے۔

جیسے ہر لڑکی کا اپنے لائف پارٹنر کے بارے میں خواب ہوتا ھے میرے بھی وہی خیالات ہیں۔

دیکھیں ----- بجو

دس از ناٹ فئیر ----اب آپ ٹال رہی ہیں ۔

پہلی بات ، آپ کوئی "ہر لڑکی "نہیں ھیں ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دوسری بات، آپ بہت "خاص"لڑکی ہیں۔

آپ کو آج بتانا ہی پڑے گا اور میں آج جان کر ہی رہوگی ---

ٹھیک ھے -----بتاتی ہوں

حورا کچھ پل خاموش رہتی ہے وہ مناسب الفاظ ڈھونڈ رہی ہے ۔
ادھر فیروزے بے چین بیٹھی ہوتی ھے اس سے انتظار نہیں ہورہا ----

حورا ----بولنا شروع کرتی ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں چاہتی ہوں جو میرا لائف پارٹنر ہوں میں اسکے لیئے بہت خاص ہوں جیسے نایاب"""
چیز ہوتی ہے اور اسکی حفاظت کرنا اسکا خیال رکھنا فرض ہوتا ہے بلکل ویسے ہی وہ میرا
خیال رکھے ۔

دوسری بات ،، میں ایسے انسان کو اپنا لائف پارٹنر چوز کروں گی ----جو اپنی ہر دعا میں
اللہ تعالی سے مجھے مانگے اسکی پاکیزہ محبت بننا چاہتی ہوں اور مرتے دم تک اسکی "محبت
"""""صرف اور صرف میرے لیئے ہوں -----

تم سوچ رہی ہوگی فیروزے کہ آج کے دور میں ایسی محبت اور ایسا انسان ملنا ناممکن
ہے ---

مگر مجھے پورا یقین ہے اللہ تعالی نے میرے لیئے ڈھونڈ رکھا ہوگا ۔

(فیروزے دل میں آمین کہتی ہے)

وہ دم سادھے حورا کی باتیں سن رہیہوتی ہے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اب خوش ہو۔۔۔۔فیروزے

اف۔۔۔۔بجو

آپ اتنی پیاری باتیں کیسے کر لیتی ہیں۔

حورا ہنسنے لگ جاتی ھے ۔

میں دعا کروں گی بجو ۔۔۔آپ کو ایسا شخص جلدازجلد مل جائے

(آمین ۔۔۔)

کچھ دیر بعد وہ دونوں اپنے اپنے روم میں چلی جاتی ہیں ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا ۔۔۔روم میں آنے کے بعد کھڑکی کے پاس جاتی ہے اور چاند دیکھنے بیٹھ جاتی ھے ۔۔۔۔

وہ فیروزے کی باتیں اور دعا کو سوچ رہی ہوتی ہے ۔

!!!چھوٹے سائیں ۔۔۔۔

سب تیاریاں ہوگئی ہیں اگر آپ کی اجازت ہوتو روانہ ہوں ۔

مکرم ۔۔۔۔

ظہان حیدر شاہ کو کہتا ھے ۔

ٹھیک ھے ۔۔۔۔۔چلیں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان اپنی بلٹ پروف گاڑی میں بیٹھتا ھے ساتھ مکرم بھی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتا ھے ۔

اور اور خاموشی سے سفر طے ھوتا ہے ۔

آدھے راستے میں اچانک ڈرائیور بریک لگاتا ہے ---

کیا ھوا --مکرم ؟؟؟؟؟

چھوٹے سائیں---!!! سڑک پہ کسی کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے ---

مکرم باہر جاکر دیکھتا ہے وہاں دو لوگ زخمی پڑے ہوتے ہیں

وہ ظہان کی سائیڈ پر آتا ھے اور ایکسیڈنٹ کا بتاتا ہے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تو آپ کیا دیکھ رہے مکرم ---جلدی جائیں ان کی مدد کریں ۔

!!!روکیئے ----

میں خود دیکھتا ہوں ۔ ۔

!!!چھوٹے سائیں ----

آپ باہر مت آئے ۔مجھے تو یہ دشمن کی کوئی چال لگتی ھے۔

دیکھا جائے گا ----مکرم

ابھی مجھے دیکھنا ہے ۔

مکرم کے منع کرنے کے باوجود ظہان حیدر شاہ اپنی بلٹ پروف گاڑی سے باہر آتا ھے اور صرف چند قدم کے فاصلے کے بعد اچانک فائرنگ شروع ہو جاتی ہے -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مکرم جلدی سے ظاہر کے پاس آتا ھے اور انھیں گاڑی میں بیٹھنا کا کہتا ھے مگر دشمن چاروں طرف سے فائٹنگ کررہے ہوتے ہیں

ظہان اور اسکے گارڈز بھی جوابی کاروائی کررہے ہوتے ہیں اور کافی سارے لوگوں کو ختم کردیتے ہیں

اچانک ایک گولی ظہان کو لگتی ھے تو وہ بھی فائر کرنے والے کو ختم کردیتا ھے ۔۔۔۔۔

آدھے گھنٹے کی فائرنگ کے بعد بالآخر کچھ رستہ صاف ہوجاتا ہے مگر ظہان خود کافی حد تک زخمی ہوجاتا ھے

مکرم جلدی سے ظہان کو لے کر اندھیرے میں چلنا شروع کردیتا ھے کیونکہ کچھ دیر بعد پھر سے فائرنگ شروع ہو جاتی ہے ادھر ظہان کی حالت بگڑ رہی ہوتی ہے اچانک ایک گھر کے سامنے وہ روکتے ہیں اور دیوار پھلانگ کر وہ اس گھر میں داخل ہوجاتا ھے ۔۔۔

جبکہ مکرم دوبارہ اس جگہ کی طرف جاتا ہے جہاں پر فائرنگ ہورہی ہوتی ھے تاکہ دشمن کو بھٹکا سکے ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جیسے ہی ظہان گھر میں داخل ہوتا ھے تو وہ انتہائی زخمی حالت میں اٹھنے کی کوشش کرتا ہے

.کہ اچانک اسکی نظر کھڑکی کی سمت اٹھتی ھے اور پلٹنا بھول جاتی

اداسی کے بادلوں کے دور ہونے کا وقت آچکا ھے

ظہان حیدر شاہ کے بچپن کا خواب حقیقت کا روپ دھاڑنے والا ھے

چوٹ کی رات اسکے خوابوں کی ملکہ حقیقت میں اسکے سامنے ھے ۔

خوبصورت لمبے بال کھولے کھڑکی میں کھڑی وہ اپنا پسندیدہ منظر دیکھنے میں محو ہوتی ھے کہ اسکے خیالوں میں خلل کسی کے گرنے کی آواز سے پیدا ہوتا ھے

ظہان بس دیوانہ وار کھڑکی کی طرف دیکھ رہا ہوتا ھے وہ بھول جاتا ہے کہ وہ کتنا زخمی ھے اسے تو بس اپنے بچپن سے لے کر اب تک کہ خواب یاد آرہے ہوتے ہیں اسے یقین نہیں آرہا ہوتا ھے کہ اسکے خوابوں کی ملکہ حقیقت میں اسکے سامنے ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ ابھی تک ھے۔۔۔۔۔۔ روبرو اپنے

ہم ابھی تک حصار۔۔۔۔۔۔۔۔۔ خواب میں ہیں

حورا انتہائی غصے کی حالت میں کھڑکی سے جھانکتی ھے کہ آیا کیا چیز گری ھے جسکی وجہ سے وہ اپنے خیالوں کی دنیا سے باہر آتی ھے پھر وہ اپنے روم سے نیچے سیڑھیوں کی طرف آتی ھے ۔۔۔۔۔۔

جبکہ ظہان جو کہ حورا کو حیرت سے دیکھ رہا ہوتا ھے اسکے کھڑکی سے ہٹنے پر وہ بھی ہوش میں آتا ھے اور اسے تلاشنا شروع کرتا ہے
تب ظہان کی نظر سیڑھیوں کی جانب جاتی ہے جہاں سے حورا زینہ در زینہ چلتی اسکے قریب آرہی ہوتی ھے اور وہ بس اپنی اینجل کو قریب آتا ہوا دیکھ رہا ہوتا ہے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسکے چہرے پر کچھ آوارہ لٹیں جھوم رہی ہوتی ہیں

سرخ قالین پر اسکے سفید پاوں اتنے خوبصورت لگ رہے ہوتے ہیں کہ وہ بس دیکھتا رہ جاتا ھے

وہ چودھویں کی رات میں بلکل چاندنی لگ رہی ہوتی ہے

وہ سراپا سامنے ھے، استعارے مسترد

چاند، جگنو ، پھول، خوشبو اور ستارے مسترد

تذکرہ جن میں نہ ہوانکے لب و رخسار کا

ضبط وہ ساری کتابیں، وہ شمارے مسترد

بلاخر حورا اس جگہ پہنچ جاتی ھے جہاں ظہان موجود ہوتا ھے چونکہ ظہان اندھیرے والی سائڈ پہ کھڑا ہوتا ھے جسکی وجہ سے حورا کو نظر نہیں آتا اسے تو بس کسی کا سایہ دیکھ رہا ہوتا ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کون ھے وہاں ؟

حورا بیچاری ڈری ہوتی ھے مگر ہمت کرکے پوچھتی ھے

کون ھے؟

ظہان تو حورا کی سریلی آواز میں کہیں کھو جاتا ہے

کافی دیر تک جب جواب نہیں ملتا تو حورا کو سچ میں گھبراہٹ ہوتی ھے وہ خود کہتی ھے

لگتا ھے کوئی چور ھے پاپا کو بلانا پڑے گا اور وہ اپنے پاپا کے پاس جاری ہوتی ھے

ظہان جو اسکی چور والی بات پہ مسکرا رہا ہوتا ھے حورا کہ پلٹنے پر اسے اپنی طرف کھنچتا ھے

وہ جو اس حملے کیلئے تیار نہیں ہوتی سیدھا ظہان کی پناہوں میں آجاتی ھے

ڈر کی وجہ سے حورا اپنی آنکھیں بند کردیتی ھے اور ظہان اتنے قریب سے بس اسکے چہرے

کو دیوانہ وار دیکھ رہا ہوتا ہے -----

حورا ظہان کو دور کرنے کی کوشش کرتی ھے مگر وہ ایسا نہیں کرپاتی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسکی نظر جیسے ہی ظہان پر جاتی ھے اور جیسے ہی حورا کی آنکھیں ظہان کی آنکھوں سے ملتی ہیں

وہ ان آنکھوں کے سحر میں جیسے جکڑ جاتی ہے اور بالکل ساکت ہوجاتی ہے

اب بس وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوتے ہیں اور چاند کی روشنیانکے چہروں پہ پڑ رہی ہوتی ہے اور ہلکی ہلکی ٹھنڈی ہوا چل رہی ہوتی ہے جو اس حسین لمحوں کو اور بھی خوبصورت بنا رہی ہوتی ہے

ظہان حیدر شاہ اپنے خوابوں کی تکمیل پر سرشار ہوتا ھے وہ بے انتہا خوش ہوتا ہے اور اردگرد سے بیگانہ ہوجاتا ھے

خیال یار کا عکس ابھرا تھا ان دو آنکھوں میں"

" روبرو وہ چاند اپنی چاندنی سے ہوا

(از خود بیلا بخاری)

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آس پاس ہر چیز جیسے انکے ملن پہ جھوم اٹھی تھی اور پورا ماحول کشی خواب کا منظر پیش کررہا ہوتا ھے

نہ جانے کتنے ہی پل ایسے گزر جاتے ہیں تب مکرم کی آواز ظہان کو ہوش کی دنیا میں لاتی ھے

ظہان حوراکہ چہرے کو اپنے ہاتھوں کے پیالے میں لیتا ھے اور پھر جی بھر کہ دیکھنے کے بعد اسکے کان میں سرگوشی کرتا ہے

بہت جلد دوبارہ ملیں گے

My only mine Angel

پھر ظہان جیسے آتا ھے ویسے ہی مکرم کے ساتھ چلا جاتا ہے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

□□□□□

جبکہ حورا ابھی بھی ظہان کے سحر میں قید کھڑی ہوتی ھےاور وہ فیروزے کے ہاتھ لگانے سے ہوش میں آتی ھے ۔

بجو ----آپ یہاں اتنی رات کو کیا کر رہی ہیں ----؟؟؟
فیروزے پانی پینے کے لیئے نیچے آتی ھے حورا کو ایسے دیکھ کر پریشان ہوجاتی ھے اور حورا سے پوچھتی ھے ----

کچھ دیر بعد حورا خودکو سنبھالتی ہے اور فیروزے کو جواب دیتی ہے ----

کچھ نہیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بس ایسے ہی آئی تھی فیروزے مجھے بہت نیند آرہی ہے میں سونے جارہیہو تم بھی اب سوجائوں ۔

فیروزے حیران تو ہوتی ہے مگر پھر خاموش ہوجاتی ہے ۔

💕💕💕💕💕💕 ____

مکرم جیسے ہی ظہان کو سیف سائڈ پہ لے کر آتا ہے تو فائرنگ کی آواز کم ہوجاتی ہے کیونکہ آبادی والی سائڈ پر فائرنگ نہیں کر سکتے ۔۔۔۔

واپس اس سائڈ پر جاتا ہے جہاں پر فائرنگ ہورہی ہوتی ہے اور ان کا مقابلہ کرکے دشمن کو واپس بھاگنے پر مجبور کردیتا ہے ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جب ماحول سازگار ہوجاتا ھے تو وہ ظہان کو واپس لینے آتا ھے کیونکہ ظہان بہت زخمی ہوتا ھے ۔۔۔مکرم اس گھر میں داخل ہوتا ھے اورپنے چھوٹے سائیں کو وہاں سے لے کر جاتا ھے ۔

گاڑی میں بیٹھانے کے بعد وہ فل سپیڈ پر گاڑی چلاتا ہے تاکہ ظہان کو جلدی ہاسپٹل لے جائے اور انکی ٹریٹمنٹ شروع کر اسکے ۔۔۔۔

ظہان اتنی تکلیف میں بھی اپنے حواس پر قابو رکھتا ھے اور درد کو برداشت کررہا ہوتا ہے ۔۔۔۔اس حالت میں بھی وہ اپنی اینجل کے بارے سوچ رہا ھے ایک پرسکون سانس خارج کرتا ہے فائنلی اسے اسکی اینجل مل گئی ھے ۔بلآخر اسکے خوابوں کی تکمیل ہوئی جو اسے بچپن سے بے چین کرتے تھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بازو میں گولی لگنے کی وجہ سے ظہان کا بہت سارا خون ضائع ہوجاتا ہے اور مذید کام دیوار پھلانگنے نے کردیا اس چکر میں بہت سی چوٹیں آتی ہیں ۔۔۔جسکی وجہ سے درد پورے جسم میں پھیل گیا تھا ۔

!!!چھوٹے سائیں ۔۔۔

آپ بس کچھ دیر اور برداشت کرلیں ہم بس ہاسپٹل پہنچنے والے ہیں ۔۔۔۔

ظہان سے اب مزید درد برداشت

نہیں ہورہا وہ درد کی دشت سے بے ہوش ہوجاتا ھے ۔

ہاسپٹل پہنچنے کے بعد ظہان کو سپیشل ٹریٹمنٹ دی جاتی ھے اور اسے فوری طور پر ایمرجنسی وارڈ میں داخل کیا جاتا ہے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان -----

میرا بچہ ----

ظہان کی ماما جو گہری نیند میں ہوتی ہیں وہ بہت برا خواب دیکھتی ہیں جس میں ظہان ان سے دور جارہاہوتا ہے ۔

وہ جلدی سے اٹھتی ہیں ----

سکندر شاہ ----اپنی بیگم کی آواز سن کر اٹھ بیٹھتے ہیں ---

کیا ہوا ہے آپ کو----؟؟؟

شاہ جی ----!!!!

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میرا بچہ ----

میرا ظہان ٹھیک نہیں ہے وہ تکلیف میں ہے ----

میں نے خواب میں دیکھا ھے

سکندر شاہ انکے قریب ہوکر انکے کندھے پر بازو رکھتے ہیں ---

ریلیکس ----بیگم

کچھ نہیں ہوا بس وہ ایک برا خواب تھا آپ پریشان نہ ہوں ۔

نہیں ----شاہ جی

میرا بیٹا کسی بہت بڑی مصیبت میں ہے وہ انتہائی تکلیف میں ہے ۔

آپ ابھی کال کریں ظہان سے میری بات کروائیں ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اچھا اچھا ۔۔۔آپ حوصلہ رکھیں

میں ابھی کال کرتا ہوں ۔

سکندر شاہ ابھی اپنا سیل فون اٹھا رہے ہوتے ہیں تب مکرم کی کال آتی ھے ۔۔اور وہ

اب وہ سچ میں پریشان ہوتے ہیں ۔

کال رسیو کرتے ہی دوسری طرف انہیں جو خبر دی جاتی ھے تب انکے پیروں کے نیچے

سے زمین نکل جاتی ہے آخر اس خبر میں ان کے اکلوتے بیٹے پر حملے کا بتایا جانا ہے ۔

یہ کیا کہہ رہے ہو تم ۔۔۔۔مکرم

میں نے تمہیں ذمہ داری سونپی تھی اور تمہارے ہوتے ہوئے ایسے کیسا ہوگیا ۔

تم نے یہ حفاظت کی ہے میرے بیٹے کی ۔۔۔۔؟؟؟؟؟

وہ انتہائی غصے کی حالت میں مکرم کو ڈانٹ رہے ہوتے ہیں ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تب ظہان کی ماما کی آواز آتی ھے ----

کیا ہوا شاہ جی ----؟؟؟

ظہان ٹھیک تو ہے نہ میری بات کروائیں اس سے ---

وہ جلدی سے کالبند کرتے ہیں

انہیں ظہان پر قاتلانہ حملے کا بتاتے ہیں ----

کیا یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں

اب ظہان کی طبعیت کیسی ہے ---؟؟؟؟

پتہ نہیں یہ تو ہاسپٹل جاکر پتہ چلے گا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دیکھا آپ نے میں نے کہا تھا نہ میرا بچہ تکلیف میں ہے رات سے ہی میرا دل بہت گھبرا ریا تھا

آپ مجھے جلدی سے اس کے پاس لے جائیں ۔

آپ گھر پہ ہی رہیں میں خود جارہا ہوں ۔

نہیں مجھے ظہان کے پاس جانا ہے آپ انکار مت کریں ۔۔۔

سکندر شاہ انہیں منع کرنے والے ہوتے ہیں لیکن ظہان کی ماما کی حالت دیکھ کر ساتھ لے کر جانے کا فیصلہ کرتے ہیں ۔

اسطرح سارا راستہ دعائیں مانگتے ہوئے ظہان کے والدین ہاسپٹل پہنچتے ہیں ۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سامنے ہی مکرم انہیں نظر آتا ھے اور وہ اس سائڈ پر جاتے ہیں وہ سب اب آپریشن تھیٹر کے باہر کھڑے ہوتے ہیں ---

اب کیسی کنڈیشن ہے ظہان کی -----؟؟؟؟--

مکرم سے سکندر شاہ پوچھتے ہیں اس سے پہلے وہ جواب دیتا ڈاکٹر آپریشن تھیٹر سے باہر آتا ھے ۔

ڈاکٹر --- کیسی طبعیت ہے اب میرے بیٹے کی ؟؟؟؟؟؟

پریشانی کی کوئی بات نہیں اب ظہان حیدر شاہ خطرے سے باہر ہیں ۔ خون زیادہ بہہ جانے کی وجہ سے وہ کریٹیکل کنڈیشن میں تھے ۔

مگر اب وہ ٹھیک ہیں انکے بازو سے گولی نکال دی گئی ہے لیکن ان کے جسم پر بہت چوٹیں ہیں اور وہ آہستہ آہستہ رکور کر لیں گے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

انہیں تھوڑی دیر بعد پرائویٹ روم میں شفٹ کر دیا جائے گا پھر آپ ان سے مل سکتے ہیں ---

بہت بہت آپ کا شکریہ ---ڈاکٹر

سکندر شاہ انکا شکریہ ادا کرتے ہیں ۔

شاہ صاحب ---شکریہ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں --

ظہان کی ماما جو ظہان کے پریشان ہوتی ہیں ڈاکٹر کی بات سن کر ان کے دل کو تسلی ملتی ہے --

مکرم -----

جی سائیں---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میڈیا والوں کو ابھی اس بارے میں کوئی پتہ نہیں چلنا چاھیے اس بات کا خاص دھیان رکھو ۔اور مزید سیکیورٹی کا انتظام کرو ۔۔

دشمن ضرور ظہان پر دوبارہ حملہ کریں گے اور میں نہیں چاھتا ان دوبارہ ایسا کوئی موقع ملے ۔۔۔

جو حکم آپ کا ۔۔۔سائیں

مکرم ابھی جاکر تم یہ کام کر جو میں نے بتایا ہے ۔۔تم سے تمہاری غلطی پر بعد میں بات ہوگی ۔۔۔

پھر مکرم چلا جاتا ہے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان کو جیسے ہی روم میں شفٹ کر دیا جاتا ھے وہ اس کو دیکھنے کے روم میں جاتے ہیں جہاں پر ظہان بیڈ پر بے ہوش پڑا ہوتا ھے ---

اسکی ماما ظہان کے ماتھے پر پیار کرتی ہیں اور قرآنی آیات پڑھ کر اس پر پھونک رہی ہوتی ہیں ۔

انہیں ظہان کے ہوش میں آنے کا انتظار ہے بس----

_____ _____ _____ _____ _____

دراب جو پہلے ہی رشتہ سے انکار کی وجہ سے غم و غصہ میں ہوتا ھے ظہان کے بچ جانے کی خبر جلتی پر تیل کا کام کرتی ھے اور وہ آپے سے باہر ہوجاتا ہے ۔

نوید ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دعا مانگ رہا ہوتا ھے کہ آج کسی طرح دراب خان کے غصے سے بچ جائے مگر آج اسکی دعا قبول ہونے کا وقت نا تھا ۔

دراب خان خود نوید اور اسکے ساتھیوں کے پاس جاتا ہے اور انھیں انتہائی سخت سزائیں دیتا ہے ۔

تم سب کو میں نے کہا تھا کہ یہ کام انتہائی ہوشیاری سے کرنا ہے اور تم لوگوں سے ایک کام بھی ڈھنگ سے نہیں ہوا ۔کتنا اچھا موقع ملا تھا مجھے ظہان حیدر شاہ کو راستے سے ہٹانے کا مگر تم سب کی غفلت سے یہ موقعہ بھی میرے ہاتھ سے نکل گیا ------

اور میرا خاص آدمی بھی مارا گیا ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نوید ---تم تو کہہ رہے تھے کہ آج رات آپ کو اچھی خبر ملے گے اب بتاو ----کیا یہ اچھی خبر تھی ----؟؟؟؟؟

اب بولو ---چپ کیوں ہو ----

سر ہم نے پوری کوشش کی تھی ظہان حیدر شاہ کو گولی بھی لگ گئی تھی مگر سکندر شاہ کا خاص بندہ مکرم ------ظہان کی ڈھال بن گیاتھا اور وہ اس وجہ سے بچ کر نکل گیا ۔

ہمممم------

اب یہ مکرم کہاں سے آگیا ---؟

سر ظہان حیدر شاہ خود بھی بہت ذہین اور بہادر انسان ہے اس نے ہم سب کا بہت ڈٹ کر مقابلہ کیا میں تو اسکی بہادری،دلیری دیکھ کر حیران رہ گیا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ابھی وہ مزید تعریفیں کرتا اس کو چپ دراب خان کی گولی نے کردیا ----

نوید ---
کیسے لوگ رکھے ہوئے تم نے جو میرے سامنے میرے دشمن کی تعریفیں کررہے ہیں ----

بس ----!! بہت ہوگیا
دراب خان غصہ میں اپنے ملازمین پر چیخ رہا ہوتا ہے اور اسکا غصہ کسی بھی صورت کم نہیں ہورہا ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر بہت جلد وہ خود پر قابو پاتا ہے اور آگے کا لائحہ عمل تیار کرتا ہے ۔۔۔اب آگے کیا کرنا ہے اس حملے کا الزام ان کی پارٹی پر نہ آئے ۔ یہ وقت ہوش سے کام لینے کا ہے جوش سے نہیں

_____ _____ _____ _____ _____ _____

اپنے کمرے میں آنے کے بعد حورا مرر کے سامنے جاتی ہے وہ بے خود سی ہوکر اپنے آپ کو دیکھتی ھے اور اسے اس اجنبی کے الفاظ یاد آتے ہیں اسے ابھی بھی اسکے الفاظ اپنے کانوں میں گونج رہے ہوتے ہیں

یہ کیسا سحر تھا اس چہرے میں اور اسکی آنکھیں بھی کتنی خوبصورت تھیں

میں تو ان آنکھوں میں کہیں کھو سی گئی تھی ------

اففففففففف

یہ میں کیا سوچ رہی ہوں

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کہیں میں پاگل نہ ہوجاو اف اف ----

چھوڑو حورا ان سب باتوں کو وہ کوئی اجنبی تھا جو راستہ بھٹک کے یہاں آگیا

وہ ایسے لوگ ہی خود سے باتیں کرتی ہوئی بیڈ پر جاتی ہے اور اسکی سوچوں میں بس وہی

چہرہ بس جاتا ہے جسے وہ چاہ کے بھی بھول نہیں پارہی تھی ---

حورا کی نظر اپنے ہاتھ پر جاتی ہے جسے ظہان نے پکڑ کر کھینچا تھا

یہ یہ خون کہاں سے آگیا وہ بھاگ کر واشروم جاتی ہے اور اپنے ہاتھوں اور بازوں کو

دھوتی ھے تاکہ خون کے نشان مٹ جائیں

ممم مطلب وہ اجنبی زخمی تھا

بیڈ پہ بیٹھتے ہی وہ سوچتی ھے اور ان ہی سوچوں میں گم وہ نیند کی وادیوں میں چلی جاتی

ھے -------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

سکندر شاہ بے تابی سے ظہان کے ہوش میں آنے کا انتظار کررہے ہوتے ہیں کیونکہ اسکے بعد ہی وہ اگے کیا کرنا چاہتے ہیں اسکا فیصلہ کرنا تھا

شاہ جی ------

ظہان کو ابھی تک ہوش کیوں نہیں آیا؟

آجائگا آپ ٹینس نہ ہو

آپ ڈاکٹر کو بلائیں ابھی تک میرے بیٹے کو ہوش کیوں نہیں آیا؟

میں بلاتا ہوں ----

ابھی سکندر صاحب ڈاکٹر کو بلانے جارہے ہوتے ہیں کہ وہ خود آجاتے ہیں

ڈاکٹر میرے بیٹے کو ہوش کیوں نہیں آیا ابھی تک ایک گھنٹہ ہونے کو آیا ھے ؟

آپ پریشان نہ ہوں کچھ دیر تک پیشنٹ کو ہوش آجائگا ---

Everything is fine so don't worry Mr.Shah....

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ڈاکٹر کے جانے کے بعد سکندر صاحب اپنی وائف حیات بیگم کو ریسٹ کا کہتے ہیں لیکن وہ نہیں مانتیں ---

شاہ جی ----

جب تک ظہان کو ہوش نہیں آتا میں کہیں نہیں جاوں گی

کچھ ہی دیر میں ظہان کو ہوش آتا ھے اور

آنکھیں کھولنے پر اسے اپنے مما بابا کا چہرہ دکھتا ھے

شاہ جی ---

دیکھیں ظہان کو ہوش آگیا

سکندر شاہ جلدی سے ظہان کے صوفے قریب آتے ہیں

اب کیسا فیل کررہے ہو میرے شیر؟

بابا سائیں میں اب بلکل ٹھیک ہوں آپ پریشان نہ ہوں

ظہان میرا بچہ شکر ہے تمہیں ہوش آگیا

تمہیں درد تو نہیں ہورہا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

No mama I'm fine don't worry my love"

مسز مجھے لگتا ھے اب آپکو جانا چاہیے کچھ دیر ریسٹ کر لیں میں ظہان کے ساتھ ہوں نہیں شاہ جی ----

میں کہیں نہیں جارہی میں اپنے بیٹے کے پاس رہوں گی --

سکندر شاہ التجائی نظروں سے ظہان کو دیکھتے ہیں کیونکہ اب وہی اپنی مما کو ہینڈل کر سکتا تھا

مما جانی

مما میری پیاری موم بات تو سنیں -----

نو ظہان میں کچھ نہیں سن رہی

بابا سائیں آپ دیکھ رہے ہیں مما میری کوئی بات نہیں سن رہی مطلب وہ یہ مجھ سے پیار نہیں کرتی ---------

سکندر شاہ کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ھے کیونکہ انکی بیگم کی حالت دیکھنے والی ہوتی ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

یہ کیا کہہ رہے ہو ظہان؟

جبکہ تم جانتے ہو میں اس دنیا میں سب سے زیادہ پیار تم سے کرتی ہوں مما کی جان اور یہ بات کرتے ہوئے وہ سکندر صاحب جتاتی نظروں سے دیکھتی ہیں ----

اب بیچارے سکندر صاحب کی شکل دیکھنے والی ہوتی ھے

کیونکہ حیات بیگم اپنا بدلہ چکا دیتی ہیں

اور ظہان اپنے والدین کی نوک جھوک کو انجوائے کررہا ہوتا ہے ۔

مما مجھے آپکی بات پر یقین نہیں ھے

مگررررررر

اور کچھ نہیں آپ ابھی حویلی جارہی ہیں کہ نہیں

ٹھیک ھے ٹھیک ھے میں جارہی ہوں

سکندر شاہ اپنی بیگم کے پاس آتے ہیں

آپ مجھ سے بات نہ کریں

ڈرائیور کو بلائیں ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسطرح حیات بیگم گھر چلیں جاتی ہیں ۔

حیات بیگم کے جانے کے بعد سکندر صاحب سیریس ہوجاتے ہیں اور ظہان بھی خاموش ہوجاتا ھے --

ظہان میرے منع کرنے کے باوجود بھی تم اسلام آباد چلے گئے اور پھر اتنی رات میں واپسی کی کیا ضرورت تھی لگتا ھے تم نے دشمن کو ہلکا لے لیا ھے اگر تمہیں کچھ ہوجاتا تو ہمارا کیا بنتا

جب تم پر حملے کی خبر سنی تو ایسا لگا جیسے میری آنکھوں کی روشنی ختم ہوگئی ہو اور تمہاری مما انکا تو رو رو کے برا حال تھا اور میں نے خود کو اور تمہاری مما کو کیسے سنبھالا یہ میں جانتا ہوں

سکندر صاحب کی آواز میں لڑکھڑاھٹ سی ہوتی ھے

ظہان کو محسوس ہورہا ہوتا ھے اسکے باباجان ضبطکے کڑے مراحل سے گزر رہے ہوتے ہیں اسلیئے وہ کافی شرمندہ بھی ہوتا ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تمہیں کیا پتہ ظہان کے اولاد کی چھوٹی سی بھی تکلیف والدین کیلئے کتنی اذیت ناک "
ہوتی ھے بچپن میں ہم تمہارا کتنا خیال رکھتے تھے کہ کھیلتے ہوئے بھی تمہیں کوئی چوٹ نہ
لگے تمہاری مما ہر وقت سائے کی طرح تمہارے ساتھ رہتیں تھیں مجھے پتہ ھے میں اپنے
پیار کا اظہار اتنا زیادہ نہیں کرتا مگر تمہاری میری زندگی میں کیا اہمیت ھے اسکا تم اندازہ
"کبھی بھی نہیں لگا سکتے ۔

تم ہمارے خاندان کے اکلوتے چشم چراغ ہو اور دشمنوں کی ہمت تو دیکھو وہ تمہیں یعنی
سکندر شاہ کہ جگر کے ٹکڑے پر وار کیا خیر انکا بھی میں نے بندوبست کرلیا ھے
اب جو ہونا تھا ہوگزرا اب تم میری اجازت کے بغیر کہیں نہیں جاو گے

Is that clear Zuhan?

Yes

Yes Baba sain!

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اور ہاں مکرم کو میں نے پتہ لگوانے کا کہہ دیا ھے جلد ہی تم پہ وار کرنے والوں کو عبرت ناک سزا دوں گا تاکہ وہ خواب میں بھی تم پہ حملہ کرنے کا سوچ نہ سکیں -----

♥♥♥♥♥

بجو ----

آپ ابھی تک سو رہی ہیں ---

کیا مسئلہ ہے فیروزے ----

مجھے سونے دوں --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نو ---آپ نے بہت نیند کرلی ہے اب آپ اٹھیں ۔ دیکھیں دوپہر ہوگئی ہے اور آپ بھول گئی آج ہم نے آج شاپنگ پر بھی جانا ھے ۔

کیا ------

دوپہر ہوگئی اور میں اتنی دیر سوتی رہی ----

اف ------اٹھیں بھی بجو آپ

ویسے بھی اتنے لیٹ ہوگئے ہیں

جلدی سے تیار ہوجائیں ---

مجھے کہیں نہیں جانا فیروزے ----

تم اپنی فرینڈز کے ساتھ چلی جاو ---

Plz.....

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر بجو ۔۔۔۔

فیروزے بحث نہیں

میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے ۔

کیا ھوا ہے آپ کو بجو ۔۔۔

رنگ بھی زرد پڑ رہا ہے۔۔۔

میں ابھی ماما کو بتاتی ہوں ۔

ابھی وہ روم سے جاری ہوتی ھے کہ حورا اسے روکتی ھے ۔

نہیں ماما کو پریشان کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔رات کو لیٹ نیند آئی تھی

بس ۔۔۔۔اور کچھ نہیں ۔

ابھی فریش ہوگی تو ٹھیک ہو جاوگی ۔

اوک بجو ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آج تو آپ کو معاف کر دیا

صرف اور صرف آپ کی خراب طبعیت کی وجہ سے --

فیروزے نیکسٹ ٹائم ہم دونوں اکھٹے شاپنگ کے لیئے جائے گے

پرامس ڈیئر -----

ہمم یہ ہوئی نہ بات بجو ابھی تو میں شاپنگ کے لیئے جاری ہوں شام تک آپ مجھے ٹھیک ملے

شام کو ملاقات ہو گی ۔

اوکے بائے ---

بائے ---فیروزے ----

اپنے کمرے میں جاکر وہ اپنی فرینڈز کو کال کرتی ھے ۔

فیروزے کی فرینڈز حمنا اور میرا اسکے گھر آجاتی ہیں اسے پک کرنے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

چلیں فیروزے ویسے بھی تمہارے چکر میں کافی لیٹ ہوگئے ہیں حمنا اسے تنگ کرنے کیلئے کہتی ھے

ہاہاہاہاہا ویری فنی

اب چلو بھی یار ویسے بھی میری نہیں تمہاری وجہ سے ہم لیٹ ہوگئے

اس سے پہلے دونوں کے بیچ جنگ ہوتی میرا نے ان دونوں کو روکا

اگر تم دونوں نے ہر وقت لڑنا ہی ہوتا ھے تو مجھے کیوں بلاتی ہو ----

اف میں تو تنگ آگئی ہوں تم دونوں کی لڑائی سے میں واپس جارہی ہوں ----

اب دونوں میرا کی دھمکی سے سیدھی ہوتی ھیں

اووووپس میرا!!!!!!!!!!!!

We are just kidding my bestie

Don't be serious dear

I'm I right Hmna?

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

Ya u r absolutely ri8 Ferozay my lovely frnd my bestie.....

اور بس پھر دونوں کی ڈرامے بازی شروع ہوجاتی ہے اور اخر کار دونوں میرا کو منا لیتی ہیں کیونکہ اس سرپھری کا کوئی بھروسہ نہ تھا وہ سچ میں چلی جاتی ----

Let's go Mira we are already getting late!

اور پھر باتوں باتوں میں وہ تینوں شاپنگ مال انٹر ہوجاتی ہیں

اور شاپنگ کرنا سٹارٹ کرتی ہیں فیروزے اپنےلیے ڈریس پسند کر رہی ہوتی ہیں تب اسے محسوس ہوتا ھے جیسے کوئی اسے دیکھ رہا ہے وہ شاپنگ مال میں ادھر ادھر نگاہ دوڑاتی ھے مگر سب اپنے اپنے کاموں میں بزی ہوتے ہیں

فیروزے ----------

کیا سوچ رہی ہو دیکھو یہ ڈریس کیسا ھے دیکھو پارٹی میں یہ والا کیسا لگے گا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

فیروزے ------

کہاں گم ہو؟

ہا ہاں ----- کیا کہا تم نے

اف تم نے کچھ نہیں سنا اچھا چھوڑو

چلو جلدی سے ڈریس سلیکٹ کرو ہم زرا اس سائڈ پر کچھ نیو دیکھ لیں ----

کوئی بہت قریب سے فیروزے کو دیکھ رہا ہوتا ھے

اور فیروزے جس ڈریس پہ ہاتھ رکھتی سیلر بوائے کہتا کہ میم یہ آل ریڈی بک ھے آپ کچھ اور پسند کر لیں

شاید وہ لڑکا کسی کہ اشاروں پہ وہ سب کررہا ہوتا ہے اور بلاخر فیروزے کو وہی لڑکا جو ڈریس دیتا ہے وہ لانگ پنک فراک جسکے بازوں پر بے انتہا خوبصورت نیٹ اور اس پر پیارے سے فلاورز سیٹ ہوتے ہیں جسکی بیک سائیڈ پر بہت ہی یونیک سٹائلکی ڈوریاں ہوتی ہیں اور اس ڈریس کی بیک سائیڈ تھوڑی سی ڈیپ ہوتی ہے -------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر فیروزے چینجنگ روم ڈریس کو چیک کرنے جاتی ہے اور پھر وہ جیسے ہی چینجنگ روم میں جاتی ہے کوئی بہت جلدی سے فیروزے کے ساتھ ہی انٹر ہوتا ھے اور ڈور لاک کردیتا ھے اور اچانک سے لائٹ بھی آف ہوجاتی ھے کیونکہ شاید وہ سٹرینجر اپنا چہرا نہیں دیکھانا چاہتا تھا اسلیئے اس نے لائٹ آف کروادی

ادھر فیروزے جو پہلے سے ہی کسی کی موجودگی کی وجہ سے خوفزدہ ہوتی ھے لائٹ کہ جانے کی وجہ سے وہ بے انتہا خوفزدہ ہوجاتی ھے اسے ایسا لگ رہا ہوتا ھے جیسے ابھی بس وہ اندھیرے کنویں میں ھو اور وہ مر جائگی کیونکہ شاید مقابل یہ نہیں جانتا تھا کہ اس کی بے بی گرل کو لائٹ فوبیا ھے اگر وہ جان لیتا تو شاید وہ ایسا کبھی نہ کرتا

لائٹ کیوں بند ہوگئی میرا کوئی ھے مجھے باہر نکالو

Open the door plz Mira

Humna plzzzzzz

Someone heel.....

ابھی وہ کچھ بولتی کسی نے اپنے بھاری ہاتھ اسکے منہ پہ رکھ دیا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ابھی وہ کچھ کہتا فیروزے جلدی سے اس سٹرینجر کےگلے سے لگ جاتی ھے اور اسے ٹائٹلی ہگ کر کے رونا شروع کردیتی ھے ادھر وہ سٹرینجر حیران پریشان ہوجاتا ھے کیونکہ فیروزے نے اورزیادہ زور سے رونا سٹارٹ کر لیتی ھے

Ppp plzzzzz hold me tightly ____

Don't move

Stay with me

پلیز اور پھر سے وہ رونا شروع کردیتی ھے تھینک گاڈ ت تم یہاں ہو نہیں تو مم م میں مر جاتی --------

Stop it.....

I said stop it don't say again that you wanna die otherwise i will destroy all the bloody hell of this universe

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

Don't say my love

Don't say again these stupid words.....

اور پھر وہ فیروزے کو اپنے سینے میں اسطرح بھینچ لیتا ھے کہ فیروزے کو اپنی پسلیاں ٹوٹتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں جیسے اس سٹرینجر سے فیروزے واقعی کہیں اس سے دور نہ ہوجائے

و و وہ میں

ابھی فیروزے کچھ کہتی اس سٹرینجر نے اسے بولنے سے روک دیا

Shhhhhhhhhhh

Kizlarim!

Ma bouee` de sauvetag

شش -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

`مائی بے بی گرل

``` مائی لائف لائن

I'm with you my baby girl '

اور پھر کیا فیروزے جیسے ہی یہ الفاظ سنتی ھے اسے وہ ریسٹورینٹ والا شخص یاد آجاتا ھے ابھی وہ کچھ کہتی اس سے پہلے اس سٹرینجر نے فیروزے کہ چہرے کو اوپر کیا اور اسکی آنکھوں پر باری باری بوسہ دیا اور پھر اپنے ہونٹوں سے فیروزے کے آنسو چنے پھر اسکے ماتھے پر پیار بھرا لمس چھوڑتا ھے کہ اچانک لائٹ آتی ہے اور وہ جلدی سے وہاں سے چلا جاتا ہے ۔

❤❤❤

اور فیروزے حیران پریشان سی کھری ہوتی ھے کہ باہر سے میرا اور حمنا اسے آواز دیتی ہیں اور فیروزے اس ڈریس کو واپس سے لے کر آجاتی ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com
```

Pdf Novel Bank

فیروزے میری جان مائی بیسٹی تم ٹھیک تو ہونا

کیا ہوا ھے خاموش کیوں ہو اوریہ ڈریس کیوں نہیں ٹرائی کیا

فیروزے ------

ہو ہاں کیا ہوا -----

اف لگتا ھے یہ کوئی اور ھے چل میرا چلیں

او ہیلو مس حمنا عرف آفت کی پرکالہ ----- کچھ نہیں ہوا مجھے اورہاں ایک بات یاد رکھنا

اس دنیا میں صرف اور صرف ایک فیروزے ھے

One & only one

Original piece

Understood u duffer.....?

ہاہاہاہاہا --------

دونوںکا قہقہ گونجتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہمم اب لگ رہی ہونا ہماری فیروزے ۔۔۔۔

پھر تینوں ہی قہقہ لگاتی ہیں

اور ادھر فیروزے کو خوش دیکھ کر وہ بھی سکون کا سانس لیتا ھے

❤❤❤❤

ادھر فارب بخاری اپنی میٹنگز کافی حد تک بزی ہوجاتا ھے اور وہ نیوز جس میں فارب بخاری کو اسکے برینڈ کی ماڈل زوئی سے کمپیئر کیا جارہا تھا اس نیوز کو تو اس دن ہی فارب بخاری نے بند کروادیا تھا اور اس رپیورٹر اور اسکے پیچھے جسکا بھی ہاتھ تھا ان سب کو انکے انجام تک اس نے پہنچا دیا تھا لیکن ایک شخص کا اسے ابھی بھی پتا نہیں تھا لیکن ادھر بھی فارب بخاری تھا جسکے آگے کوئی ٹک پائے ایسا کہاں ممکن تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

❤❤❤❤

حورا اپنی ممی کے ساتھ بیٹھی ہوتی ھے تب فیروزے بہت سارے شاپنگ بیگز کے ساتھ انر داخل ہوتی ھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہوگئ شاپنگ ----؟؟؟

جی ممی ---

دیکھ لوں کوئی چیز رہ تو نہیں گئی یہ نا ہوں پاڑٹی کے وقت تیار ہوتے وقت تمہیں اپنی بھولیں ہوئی چیزیں یاد آجائیں ---

ممی میرے مطابق تو شاپنگ کمپلیٹ ہے باقی بعد میں دیکھا جائے گا ---

بجو ----

اب آپ کی طبعیت کیسی ہے ---؟

حورا بیچاری پریشان ہوکر اس دیکھتی ہے کیونکہ اسکے منع کرنے کے باوجود اسنے ممی کے سامنے طبعیت کا پوچھا ہے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیا ہوا ہے حورا کو ----؟؟

وہ فیروزے کو دیکھتی ہیں --

تم نے مجھے کیوں نہیں بتایا --

میں بھی کہوں حورا اتنی دیر تک نہیں سوتی آج اسکی طبعیت ڈل تھی ---

حورا ---میری بچی

کسی طبعیت ہے اب آپ کی---

،کیا ہوا ہے آپ کو-----؟

روکو میں ابھی آپ کے پاپا کو کال کرتی ہوں ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں ۔

ریلیکس ممی ----

کچھ نہیں ہوا مجھے میں ٹھیک ہو رات کو لیٹ سونے کی وجہ آنکھ دیر سے کھلی ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

Now I m fine....

فیروزے کو تھپڑ مارتی ھے اب سنبھالوں ممی کو ۔ ---

اووہو ---

ممی ڈارلنگ ----

کچھ نہیں ہوا بجو کو آپ تو چھوٹی چھوٹی باتوں پر پریشان ہوجاتی ہیں ---

ہمم --- حورا ہاں میں سر ہلاتی ہے ---

چلو اپنی شاپنگ دیکھاوں

حورا فیروزے کو کہتی ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں بہت تھک گئی ہوں بجو

بعد میں دیکھاوں گی پہلے فریش ہو جاؤ ---

اوکے بیٹا ---

رات کھانا کھانے کے بعد سب نیوز دیکھ رہے ہوتے ہیں جس میں بار بار ملک کےنئے ابھرتے ہوے سیاستدان -----ظہان حیدر شاہ پر قاتلانہ حملے کے بارے میں بتایا جارہا ہوتا ھے ---

حورا جو فیروزے کے ساتھ باتیں کررہی ہوتی ھے ---

یہ خبر سن کر ٹی وی کی طرف متوجہ ہوتی ھے ---

جہاں پہ ظہان کی تصویر کے ساتھ خبر دی جارہی تھی ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ حیران ہوکر اس تصویر کو دیکھ رہی ہوتی ہے کیونکہ یہ وہی چہرہ ہوتا ہے جو کل رات اسنے اتنے قریب سے دیکھا تھا ۔۔۔

وہ سرگوشی میں ظہان کا نام لیتی ھے ۔۔۔۔۔

فیروزے بھی اب اپنے پاپا سے ظہان کے بارے پوچھ رہی ہوتی ہے ۔

مگر حورا کو کوئ ہوش نہیں ہوتا وہ بس دیوانی سی ٹی وی پر اسکی چلتی ہوئی تصویر دیکھ رہی ہوتی ہے ۔۔۔

وہ سب آپس میں کیا بات کررہے ہوتے ہیں اسے کچھ پتہ نہیں ہوتا ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اسے صرف ظہان کا پتہ ہوتا ھے اور اسکے بارے میں خبر سن کر اسکا دل بے چین ہوجاتا ہے ---

وہ جلدی سے اپنے روم میں چلی جاتی ھے ---

حورا کے اچانک چلے جانے پر سب پریشان ہوجاتے ہیں سب کو پتہ ہے وہ اسطرح کی نیوز سے دور رہتی ہے وہ بہت جلد گھبرا جاتی ھے ----

روم میں آتے ہی حورا کو پھر سے وہی پل یاد آتے ہیں جنہیں وہ مشکل سے بھلانے کی کوشش کررہی تھی اس خبر نے اسے پھر سے "ظہان "کی یاد دلا دی --

ابھی وہ خود سے الجھی ہوئی ہوتی ھے کہ فیروزے روم میں انٹر ہوتی ھے ---

بجو ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آپ ایسے اچانک چلی گئی آپ ٹھیک ہیں ---؟؟؟

ابھی پاپا کو ممی کہہ رہی تھی انہوں نے نیوز چینل کیوں لگایا --

آپ اتنے دن اداس رہیں گی ۔

حورا خود کو سنبھالتی ہے اور فیروزے کی طرف دیکھتی ہے ---

شکر ہے بجو ---

آپ نارمل ہیں ۔

اس بات کا کیا مطلب ہے فیروزے ----؟؟؟

کیا میں تمہیں نارمل نہیں لگ رہی --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ حورا کا دھیان بٹانے میں کامیاب ہوجاتی ھے ---

ہاہاہاہاہا ----

بجو ---میں تو بس مذاق کر رہی تھی آپ نارمل ہیں بلکل ٹھیک ---

جب تھوڑی دیر بعد حورا کو اسکی شرارت سمجھ آتی ھے وہ غصے سے فیروزے کو گھورتی ہے اور پھر دونوں ہسنے لگ جاتی ہیں ---

وہ حورا کو ہگ کرتی ہے

آپ ہمیشہ ایسے ہی ہنستی مسکراتی رہا کریں ---

بجو آپ نے ظہان حیدر شاہ کو دیکھا تھا ---

اف-----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیا پرسنالٹی ہے بندے کی
میں تو فین ہوگئی انکی ---

آپ کو پتہ ہے اگر میرا کوئی بھائی ہوتا تو وہ ہوبہو ان کے جیسا ہوتا ----

--- حورا کے دل کی حالت جانے بغیر فیروزے نان سٹاپ شروع ہو جاتی ہے ---

کوئی بات نہیں بھائی نہیں تو "جیجو" تو بن سکتے ہیں ----

ویسے بھی آپ اس دن اپنے لائف پارٹنر کے بارے میں جیسا بتا رہی تھی ظہان حیدر شاہ ان خصوصیات پر پورا اتریں گے ---

میں بھی نہ یہاں آکر باتوں میں لگ گئی ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اوکے گڈنائٹ بجو ----

کل پارٹی کی تیاری بھی کرنی ھے ۔

حورا پھر سے ظہان کے بارے میں سوچنا شروع کردیتی ہے ظہان کو سوچتے وہ نیند کی وادیوں میں میں چلی جاتی ھے ۔

♥♥♥♥♥♥♥♥

ڈاکٹر ظہان کا چیک اپ کرنے کے لیئے آتا ھے ---

اب آپ کیسا فیل کررہے ہیں ---؟؟؟

Much better....

سیکندر شاہ اس وقت بھی ظہان کے ساتھ روم میں ہوتے ہیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دو دن بعد انہیں ڈسچارج کردیں گے لیکن آپ کو انکا خاص خیال رکھنا پڑے گا تاکہ ٹانکے کھل نہ جائے --

Ok.....Doctor

سکندر شاہ جواب دیتے ہیں ---

ڈاکٹر کے جانے کے بعد مکرم روم میں آتا ھے ۔

سائیں !! ----

آپ سے بہت اہم بات کرنی ھے --

بولو ----

ہر نیوز چینل پر چھوٹے سائیں ---پر قاتلانہ حملے کی خبر دی جارہی ھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آپکے حکم کے مطابق پریس کانفرنس کا کا انتظام کروادیا ہے --

جب آپ کہیں گے کانفرنس شروع کی جائے گی ---

ہمم ---

بہت خوب ---مکرم

سائیں ----

ہر نیوز چینل والے یہ بات جاننے کے لیئے بےتاب ہیں کہ ظہان حیدر شاہ پر کس نے حملہ کروایا ہے ---اور کیوں کیا ہے ---؟؟؟

تب ظہان بولتا ہے ---

!! بابا سائیں --

مجھے معلوم ہے اس حملے کے پیچھے کسکا ہاتھ ہے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جانتا تو میں بھی ہوں ظہان بس تمہارے ہوش میں آنے کا انتظار تھا ۔۔

دراب خان" نے حملہ کروایا ھے"

تم پہ ۔۔

جی ۔۔۔

آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں بابا سائیں ۔۔۔

اسنے حملہ کروایا ھے ۔۔

حملہ کرکے اسنے بہت بڑی غلطی کردی ہے اب غلطی کی ہے تو خمیازہ بھگتنا پڑے گا ۔۔۔

مکرم اس دوران خاموش کھڑا رہتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

شام کو پریس کانفرنس کریں گے آخر دراب خان کو سزا بھی تو دینی ھے دھیان رہے ہر نیوز چینل کے نمائندے پریس کانفرنس میں شامل ہوں ----

!جو حکم آپ کا سائیں

ظہان میں کچھ دیر کیلئے حویلی جارہا ہوں تمہاری موم کافی ٹینس تھیں تمہاری صحت کی وجہ سے اب تک ناجانے کتنی کالز کر چکی ہیں ----

وہ حورا کے سر کے ساتھ سر ملاتا ھے اور بولنا شروع کرتا ھے

اینجل -----

اللہ کا شکر ھے تم میرے پاس واپس آگئی تم نہیں جانتی یہ لمحے میں نے کتنی اذیت میں گزارے ہیں پلیز اب کبھی بھی مجھ سے دور مت جانا میں کبھی بھی برداشت نہیں کرپاو گا ----

ظ --- ظہان

وہ انتہائی تکلیف میں بولتی ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جان ظہان ----

ن----نئی زندگی نیا جنم مبارک ---

تب ہی ڈاکٹر ناک کرکے اندر آتے ہیں ----

سر پلیز ہمیں ٹریٹمنٹ کرنے دیں --

حورا اسکے ہاتھ پر گرفت سخت کرتی ھے کہ وہ اپنی اینجل کے پاس رہے ----

اینجل میں اب پاس ہی رہوں گا ٹرسٹ می ڈاکٹر کو ٹریٹمنٹ کرنے دو پلیز -----

وہ ناراض نظروں سے دیکھتی ھے اور ہاتھ چھوڑ دیتی ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ اسکی حرکت پر مسکراتا ھے اور پھر باہر چلا جاتا ھے ---

سب کو حورا کے ہوش میں آنے کا بتاتا ھے ----

سب ہی اس سے ملنے کا کہتے ہیں مگر ظہان سب کو روک دیتا ھے مگر شیری اور فیروزے کسی کی بات نہیں سن رہے تھے وہ بضد تھے کہ حورا کے پاس رہیں گے ---

ظہان انہیں اپنے پاس بلاتا ھے اور پھر انہیں حورا کی ہی قسم دے کر جانے کا کہتا ھے

سب حورا کو دور سے دیکھتے ہیں سوائے فارب کے سب واپس چلے جاتے ہیں ---

وہ فارب کو سب کا خیال رکھنے کی ذمہ داری سونپتا ھے اور پھر اسے بھی واپس بھیج دیتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مکرم اس دوران ظہان کے ساتھ سائے کی طرح رہتا ھے ---

ظہان اپنی اینجل کو اپنی باہوں میں اٹھاتا ھے تمام ڈاکٹرز انہیں منع کرتے ہیں مگر وہ کسی کی بھی سنے بغیر اسے لے کر چلا جاتا ھے ۔

_____ _____ _____ _____ _____ _____ _____

ظہان اس رات اینجل کو سیکریٹ پلیس پر لے گیا تھا جہاں پر پہلے ہی ڈاکٹرز کی ٹیم مجود تھی ---

وہ حورا کو اپنے خوبصورت سے بیڈ روم میں لے کر گیا تھا آرام سے اسے لیٹا کر باہر جاتا ھے کیونکہ حورا دوائی کے زیراثر بے ہوش تھی ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہاں وہی ڈاکٹر جس نے حورا کی ٹریٹمنٹ کی تھی وہ اور اسکے ساتھ آوٹ آف کنٹری سے سپیشل ڈاکٹرز کی ٹیم کچھ ٹائم تک پہنچ چکی تھی ۔ جن کے رہنے کا انتظام وہی کیا گیا تھا ۔۔۔

وہ اپنی اینجل کے پہلو میں ہی سونے کے لیئے لیٹتا ھے اور کافی دیر تک وہ اسکا چہرہ دیکھتا رہتا ھے اور پھر یقن کرنے کے لیئے اسے چھوتا ھے ظہان کی حالت اس وقت ایسے بچے کی سی تھی جو اندھیرے سے گھبرایا ہوا ہوتا ھے اور روشنی اس کے لیئے خوشی کا باعث تھی

ظہان کے لیئے حورا کا نا ہونا اندھیرا گھور اندھیرا تھا اور اسکا ہونا اسکے لیئے روشنی مطلب زندگی تھی اور اس نے یہ سفر ایک ہی دن میں مکمل کیا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نظم

" سفر "

اندھیرے سے روشنی کا سفر

نا امیدی سے امید کا سفر

غموں سے خوشیوں کا سفر

نابینا سے بینائی کا سفر

خزاں سے بہار کا سفر

بجھی ہوئی راکھ سے آگ کا سفر

بنجر سے زرخیزی کا سفر

ویرانے سے آبادی کا سفر

بلآخر مردہ سے زندہ کا سفر

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

موت کے بعد نئی زندگی کا سفر

!! ہاں

تمام سفر کی تکمیل وابسطہ ھے تم سے ----

صرف اور صرف تم سے --

(ازخود بیلا بخاری)

_____ _____ _____ _____ _____ _____ _____

نیند میں حورا بار بار چونک جاتی تھی وہی خواب اسکے حواسوں پر چھایا ہواتھا وہ ظہان کو پکارتی تھی اسکی جو تھوڑی دیر کے لیئے آنکھ لگی تھی حورا کی آواز بلکہ اسکا نام پکارنے سے جاگ جاتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل وہ اسکے مزید پاس ہوتا ھے اور سرگوشی میں اسکا نام پکارتا ھے جیسے ہی وہ اسکا نام لیتا ھے اسکی بے چین روح کو قرار ملتا ھے ۔۔۔۔

ظہان پھر سے اسی کھونے والی کیفیت کا شکار ہوجاتا ھے اور وہ دیوانگی سے حورا کے چہرے کے ایک ایک نقش کو شدت سے چھو رہا تھا حورا کا جو ہاتھ اسنے تھاما ہوا تھا اس پر حورا کی پکڑ مضبوط ہوتی جارہی تھی ظہان کو جیسے ہی محسوس ہوا کہ وہ جاگ گئی ھے وہ مزید شدت سے اسے چھوتا اسے پیار کرتا ھے اور چہرے سے گردن تک آتا ھے ۔۔۔

ظ۔۔۔۔۔ظہان

وہ جو بے قابو ہورہا تھا حورا کے پکارنے پر پر ہوش میں آتا ھے مگر اس سے دور نہیں ہوتا اور پھر وہ اسکی گردن میں منہ چھپائے اپنے جذبات اپنے ڈر وسوسے کا اظہار کررہا تھا ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل میں بہت ڈر گیا تھا جب تمہیں گولی لگی تھی اور تم میری باہوں میں گری تھی تب وہ تم نہیں گری اصل میں میں گرا تھا اور جب تم نے راستے میں آنکھیں بند کی تھی تب مجھے لگا ساری دنیا میں اندھیرا چھاگیا ھے اور یہ دنیا اب روشنیاں کبھی بھی نہیں دیکھ پائے گی تمہاری حالت بہت کریٹیکل تھی سب کے دل ڈرے ہوئے تھے میں تو جیسے زندگی اور موت کے بیچ کھڑا تھا جب یہ خبر دی گئی کہ تم مجھے چھوڑ کر ہمیشہ کے لیئے چلی گئی ہو تو تم جانتی ہوں میرا وجود وہی بے جان ہوکر گرا تھا

یہ سب کتنا تکلیف دہ کتنا

اذیت ناک تھا میں تمہیں بتا نہیں سکتا مگر اب جب کہ تم میرے پاس واپس آگئی ہوں اب میں کبھی بھی تمہیں جانے نہیں دوں گا ---

اینجل میں جان چکا ہوں تمہارا ہونا ہی میرے ہونے سے جڑا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل ھے تب ہی ظہان کا وجود ھے

ورنہ سب کچھ بے معنی بے وقعت ھے ۔۔۔۔۔

سب بتاتے ہوئے وہ رو رہا تھا اور اسکے آنسو حورا کے چہرے کو بھگو رہے تھے ۔۔

حورا جو خود بھی ظہان حیدر شاہ اپنی محبت کی باتیں اسکی تکلیف سنتے ہوئے رو رہی تھی ۔۔۔۔۔

وہ اپنے ظہان حیدر شاہ سے مخاطب ہوتی ھے ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظ۔۔۔ظہان آپ کو پتا ھے جب میں آخری سانسیں لے رہی تھی اور مجھے یقین ہوگیا تھا کہ اب نہیں بچ سکتی تب ہی آپکی آواز اس اندھیری وادی میں گونجتی تھی وہ آواز نہیں تھی میرے لیئے تو زندگی کی نوید تھی اور پھر آپکی دعا قبول ہوگئی اور مجھے دوبارہ سے زندگی دے دی گئی ۔۔۔۔

ظہان آپکے ساتھ ہی میری سانسیں جڑی ہیں اور آپ کا ہونا ہی میرے جینے کی وجہ ھے ۔۔۔

حورا بھی اسکے چہرے کو اپنے ہاتھوں سے چھوتی ھے اور پھر اسکے ماتھے اور گالوں پر کس کرتی ھے ۔۔۔۔

اسے بہت درد ہورہا تھا مگر وہ نظرانداز کررہی تھی مگر ظہان اسکے چہرے پر درد کے اثرات دیکھ چکا تھا وہ آہستہ سے اس سے دور ہوتا ھے مگر حورا اسکا ہاتھ پکڑ کر روک دیتی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ھے وہ مسکرا کر اسکے قریب ہی لیٹتا ھے اور اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتا ھے تاکہ اسے نیند آجائے حورا جیسے ہی سوتی ھے فجر کی آذان ہوتی ھے اور ظہان اپنے رب کی بارگاہ میں شکر کا سجدہ ادا کرنے کے لیئے جاتا ھے ۔

———— ———— ———— ———— ———— ———— ————

حورا کا مکمل چیک اپ کے بعد ظہان ڈاکٹرز کے پاس جاتا ہے ---

مسڑ ظہان ویسے تو پیشنٹ ٹھیک ھے اور انکا زندہ ہونا کسی میریکل سے کم نا تھا مگر ہم یہ بات بہت افسوس سے کہہ رہیں ہیں کہ وہ شاید چل نہیں پائیں گی ---

ی۔یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں امپاسبل آپ نے صحیح سے تو چیک اپ کیا تھا ناں مجھے لگتا ھے آپ کو کوئی غلط فہمی ہوئی ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مسٹر ظہان آپ ہماری پوری بات تو سن لیں ----

کیا بات سنو ----

آپ جو کہہ رہیں ہیں میں مان نہیں سکتا----

انہیں دو گولیاں لگی تھیں ایک گولی دل کے انتہائی قریب لگی تھی اور دوسری گولی جو کمر کے پاس لگی تھی اسکی وجہ سے انکی کمر میں مسئلہ ہوگیا ھے اور یہی وجہ ھے کہ وہ شاید چل نا پائے ----

مگر کوئی بھی بیماری لاعلاج نہیں اب تقریبا ہر بیماری کا علاج ھے

تو آپ ڈھونڈیں علاج بس میری وائف کو ٹھیک کر دیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان کے جانے کے بعد جونئیر ڈاکٹر اپنے سینئر ڈاکٹر کے پاس جاتا ھے

سر آپ نے جھوٹ کیوں بولا آپ کو جب پتا تھا کہ پیشنٹ چل نہیں پائے گی ایون کسی سہارے کے بغیر بیٹھ ہی نہیں پائے گی تو آپ نے انہیں جھوٹی امید کیوں دی ----؟؟؟

آپ دیکھ رہے تھے وہ اپنی وائف کے لیئے کیسے جنونی ہو رہے تھے پھر بھی آپ نے ایسا کہا ---؟؟؟

ڈاکٹر بس خاموش رہتا ھے اور کوئی جواب نہیں دیتا ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا جاگ گئی تھی اور ظہان کواپنے پاس نا پاکر پریشان ہوگئی تھی اس سے پہلے وہ رونا شروع کرتی ظہان انٹر ہوتا ھے ----

گڈ مارننگ اینجل ---

وہ اسکے ماتھے پر کس کرتا ھے

اینجل پلیز ناراض مت ہوا کرو

آپ کو کیسے پتا چلا میں ناراض ہوں ----؟؟؟

میجیک سے ----

سچ میں ظہان ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ اشتیاق سے پوچھ رہی تھی

مجھے بچپن سے میجیک شوز بہت پسند تھے ----

اف ----
میں کتنا لکی ہوں آپ کو بھی میجیک آتا ھے ----

ہہم تو اینجل آپ خود جادوگرنی ہیں ----

حورا اسے گھورتی ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مطلب اپنی معصومیت اورپیار کا جادو جو آپ نے مجھ بیچارے انسان پر چلایا ھے کہ مجھے اینجل کے سوا کچھ نظر ہی نہیں آتا تو اس لحاظ سے آپ جادوگرنی ہوئی ناں ---

اس وضاحت پر وہ مسکراتی ھے

وہ اسے مسکراتا ہوا دیکھ کر سوچ رہا تھا کہ کبھی نا چلنے کی بات اگر پتا چل گئی تو کیا رد عمل ہوگا ----

حورا کا ٹریٹمنٹ شروع ہوگیا تھا وہ درد سے چیختی چلاتی تھی اور اس دوران ظہان اپنی اینجل کے پاس رہتا تھا ---

آج بھی وہ ٹریٹمنٹ کے بعد چیخ رہی تھی ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل -----

ظ---ظہان مجھ سے یہ درد برداشت نہیں ہورہا وہ رو رہی تھی ---

اینجل بس کچھ دن اور پھر آپ پہلے کی طرح ٹھیک ہوجائے گی

اور کتنے دن ظہان اب درد برداشت سے باہر ھے ---

ظہان اسکے پاس لیٹتا ھے اور اسکا ہاتھ تھامتا ھے اسکے ماتھے پر کس کرتا ھے اور اسکے بالوں میں ہاتھ پھیرتا ھے تاکہ وہ یہ سب فیل نہ کرے وہ اس درد کو برداشت کرے اور کچھ دیر بعد ہی وہ ہوش و خرد سے بیگانہ ہوگئی تھی ---

ظہان کی آنکھیں ضبط کی وجہ سے سرخ انگارہ ہوگئی تھی ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیونکہ وہ اپنی اینجل کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا تھا --

تمام نیوز چینلز پر ظہان حیدر شاہ کی وائف ہر قاتلانہ حملے کی خبر دی جارہی تھی اور دلاور خان تو یہ خبر سن کر مزید پریشان ہوگئے تھے کیونکہ انہیں دراب خان کی باتیں اور اسکا بدلا ہوا رویہ یاد آرہا تھا وہ اب دراب کو بار بار بار کال کررہے تھے مگر کوئی اٹھا نہیں رہا تھا تھک ہار کر وہ نوید کو کال کرتے ہیں ---

دراب کہاں ھے اور میری کال کیوں نہیں اٹھا رہا دوسری طرف خاموشی چھائی رہتی ھے ---

نوید---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کچھ بولو گے ---

وہ ---وہ سر دراب کو ظہان حیدر شاہ نے قید کر دیا ھے اور جلد ہی انکی طرف سے آپ کو کال آئے گی ---

یہ کیا کہہ رہے ہوں تم مطلب وہ قاتلانہ حملہ دراب نے کیا تھا --

جی سر ----

دلاور خان غصہ میں کال بند کرتے ہیں اپنے بے وقوف بیٹے کو کسی بھی طرح اس مصیبت سے نکالنا تھا----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب یہ کیا کردیا سچ کہتے ہیں عشق انسان کو سوچنے کے قابل نہیں چھوڑتا اور تم تو بلکل دیوانے ہوگئے ۔۔۔۔

وہ سکندر شاہ سے ملنے کا فیصلہ کرتے ہیں ۔۔۔

دوسری طرف مکرم اسے بیسمنٹ میں قید کردیتا ھے

دراب خان تو جیسے پاگل ہوگیا تھا اسکی آنکھوں کے سامنے بار بار حورا کے گولی سے گرنے اور آنکھیں بند کرنے کا منظر سامنے آرہا تھا دراب کو کسی بات کی فکر نا تھی اسے بس اپنی حورا کی فکر تھی ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

یہ مجھ سے کیا ہوگیا میں نے اپنے ان ہاتھوں سے اپنی محبت کی جان لے لی پھر دراب اپنے ہاتھ زور زور سے دیوار پر مارنا شروع کردیتا ھے اسکے ہاتھ زخمی ہوگئے تھے مگر وہ پھر بھی اپنے ہاتھوں کو سزا دے رہا تھا ---

اسکے رونے اور خود کو ملامت کرنے کی آوازیں باہر تک آرہی تھی ---

دلاور خان بذات خود سکندر شاہ سے معافی مانگتا ھے مگر اس بار سکندر شاہ کوئی بھی مدد کرنے سے انکار کردیتے ہیں --

دلاور خان آپ کے بیٹے کی زندگی کا فیصلہ اب ظہان حیدر شاہ ہی کرے گا فلحال آپ" کے لیئے اتنا کافی ھے کہ آپ کا بیٹا زندہ اور سہی سلامت ھے اور رہی بات کیس کی یا میڈیا کی تو آپ فکر مت کریں یہ بات کسی کو بھی پتا نہیں چلے گی اور نا ہی ہم کوئی کیس "کریں گے اب آپ جاسکتے ہیں ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کتنے دن گزرگئے تھے دراب خان کا ضمیر بار بار اسے ملامت کررہا تھا اب وہ ہر وقت اپنے رب سے معافی مانگتا تھا اور اسکی زندگی کی دعا مانگتا تھا ۔۔۔

مکرم جب بھی اسکے پاس جاتا تھا دراب کا ایک ہی سوال ہوتا تھاکہ وہ زندہ ھے یا نہیں ۔۔۔

مکرم اسے کوئی بھی جواب نہیں دیتا تھا دراب کو ہر چیز وقت پر مہیاکی جاتی تھی اور مہمانوں جیسا رویہ رکھا جاتا تھا اور یہی بات اسے مزید شرمندہ کردیتی تھی کہ اس کے اتنے برے سلوک کے باوجود اس کے ساتھ اچھا برتاو کیا جارہا تھا ۔۔۔۔

چھوٹے سائیں۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب خان آپ سے ملنا چاھتا ھے اور میری بھی گزارش ھے آپ ایک بار ان سے مل لیں ---

ظہان جو دراب کی ہروقت خبر رکھتا تھا مکرم کی پہلی بارکی گئی درخواست کی وجہ سے دراب خان سے پورے ڈیڑھ سال بعد ملنے آتا ھے ---

ظہان حیدر شاہ ----

مجھے یقین تھا تم مجھ سے ملنے ضرور آو گے

وہ دونوں ہی آمنے سامنے بیٹھے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

معافی میں تم سے نہیں مانگو گا کیونکہ میرے کیے گئے گناہ کے سامنے یہ بہت چھوٹا سا"
لفظ ھے یاد ھے تم نے مجھے کہاتھا جس سے پیار کیا جاتا ھے اسکی خوشی میں خوش رہنے
کی کوشش کی جاتی ھے

!کاش

میں تمہاری بات سمجھنے کی کوشش کرتا تو آج ایسا نا ہوتا

میں نے مکرم سے گزارش کی تھی کہ وہ سفارش کرے تاکہ تم مجھے سزا دو اور میرے
"ضمیر کا بوجھ ہلکا ہو ---

دراب اپنی بات کہہ کر خاموش ہوجاتا ھے مگر ظہان خاموش بیٹھا رہتا ھے ---

دراب خان جب میری زندگی مجھ سے دور جا رہی تھی تب میرا دل چاہ رہا تھا میں"
تمہاری جان لے لوں کیونکہ اس وقت سزا دینے کا اختیار تھا میرے پاس مگر جب وہ اپنی
آخری سانسیں لے رہی تھی تب میرے اختیار میں کچھ نا تھا اور اسوقت میں خود کو کتنا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بے بس محسوس کررہا تھا یہ میں بتا نہیں سکتا پھر اللہ نے مجھ پر رحم کیا اور اسے میری طرف واپس بھیج دیا ٹھیک اسی وقت میں نے فیصلہ کرلیا تھا کہ میں تمہیں کوئی بھی تکلیف دہ سزا نہیں دوں گا اور اس بار تمہاری سزا خود تم ہوگے اس لیئے تمہیں اکیلا رکھا اور ہر وہ آسائش مہیا کی جس کے تم عادی تھے اور آج تم سے مل کر مجھے اپنے فیصلے پر "خوشی ہورہی ھے کہ تم نے اپنی اصلاح خود کی ----

وہ حیران ہوکر اپنے محسن کو دیکھ رہا تھا ---

رہی بات تمہارے یہاں پر رہنے کی تو آج سے بلکہ ابھی سے تم آزاد ہوں اور دراب خان مجھے یقین ھے تم بہتر انسان بہتر بیٹے اور بہتر رہنما بنو گے ---

ظہان اسکا کندھا تھپتپاتا ھے اور واپس چلا جاتا ھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب خان کی آنکھوں میں تشکر کے آنسو تھے کیونکہ آج اسکی توبہ قبول ہوگئی تھی ۔

ہر بار ضروری نہیں ہوتا کہ غلطی کی سزا دی جائے بعض اوقات معاف کردینا بھی اچھا ہوتا ھے اور اس معافی نے دراب خان کو مکمل طور پر بدل دیا تھا ۔۔۔

_____ _____ _____ _____ _____ _____ _____

دراب خان اب واپس جا رہا تھا نوید اسے لینے کے لیئے آچکا تھا

سر چلیں۔۔۔۔

دراب جو آخری بار اس گھر کو دیکھ رہا تھا جس میں اس نے اپنی زندگی کا بہترین وقت گزارا تھا نوید کے پکارنے پر ہوش میں آتا ھے ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہمم چلتے ہیں ---

دراب آخری نظر اس گھر پر ڈالتا ھے جہاں اسے اصلاح ملی اور پھر اپنی گاڑی میں بیٹھتا ھے-----

تب ہی مکرم انہیں پکارتا ھے دراب جلدی سے گاڑی سے باہر نکلتا ھے اور مکرم کو گلے ملتا ھے --

مکرم میرے دوست تم مجھ سے اب تک ناراض ہو --

نہیں میں بس اس دن چھوٹے سائیں کو پریشان دیکھ کر کچھ ذیادہ ہی سخت الفاظ بول گیا تھا ہوسکے تو مجھے معاف کردینا دوست ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ مسکرا کر مکرم کو دیکھتا ھے تمہارے ساتھ بہت اچھا وقت گزرا ہر چیز کا بہت بہت شکریہ اور دراب خان پر تمہارا احسان ادھار رہا کبھی موقع ملا تو ضرور اتارو گا ---

_____ تو مکرم دراب سے کہتا ھے

وہ کوئی احسان نہیں تھا اور آپ بھول جائیں اور اس وقت مجھے جو درست لگا وہ میں نے کیا اور چھوٹے سائیں کو درخواست کی کہ وہ آپ سے ملنے آئیں ---

مگر میرا جب بھی دل چاھے گا تو آپ سے ملنے آیا کرو گا ---

ضرور مکرم میں خود بھی یہی کہنے والا تھا پھر دراب خان اپنی گاڑی میں بیٹھتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نوید حیران ہوکر اپنے سر کو دیکھتا ھے کیونکہ دراب خان آج خلاف معمول فرنٹ سیٹ پر بیٹھا تھا ---

نوید کی شکل دیکھ کر دراب کے چہرے پر مسکراہٹ آتی ھے ---

،کیا ہوا نوید ایسے کیا دیکھ رہے ہو ---؟؟

ک---کچھ نہیں سر

تم سناو نوید تم کیسے ہوں اورتمہاری فیملی ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

آج کے دن نوید کو دوسرا بڑا جھٹکا ملا تھا دراب خان جسے صرف اپنی ذات سے غرض تھا جو ملازموں کے ساتھ نہایت برا رویہ اپناتا تھا آج اس کے ساتھ اتنے نرم رویہ میں بات کررہا تھا --

نوید کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں ---

سر سب ٹھیک ہیں اور بہت شکریہ آپ کا ----

نوید میں جانتا ہوں کتنی بار میں تمہارے ساتھ بہت برا پیش آیا مگر تم نے پھر بھی میرا ساتھ نہیں چھوڑا میری وجہ سے تم اپنی فیملی سے دور رہے مگر اب تم اپنی فیملی کے پاس جاسکتے ہوں میری طرف سے اجازت ھے ----

سر میں آپ کے ساتھ رہنا چاھتا ہوں جیسے ہمیشہ آپ کے ساتھ رہتا تھا ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب سر ہلاتا ھے ----

باباجان کیسے ہیں ؟؟؟

سر وہ آپ کے لیئے بہت پریشان رہتے تھے اور سر انکی طبعیت کافی خراب رہتی ھے ---

مگر سر آپ پریشان نہ ہوں اب پہلے سے کافی بہتر ہیں اور صبح سے آپ کا انتظار کر رہیں ہیں ---

دراب خان جیسے حویلی پہنچتا ھے اسکے باباجان اور تمام ملازم اس کے اسقبال کے لیئے کھڑے تھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب میرے بیٹے آنکھیں ترس گئی تھی شکر ھے مرنے سے پہلے تمہارا چہرہ دیکھ لیا ۔۔۔

باباجان پلیز ایسی باتیں مت کریں دراب انکے گلے لگے رو کر کہتا ھے ۔۔۔

پھر وہ اندر جاتے ہیں

دراب خان کے آ جانے سے اسکے باباجان جیسے پھر سے جوان ہوگئے تھے ۔۔

چند عرصے میں ہی دراب خان نے اپنی محنت اور سچی لگن سے اپنے علاقے والوں کا دل جیت لیا تھا اور پہلے تو کسی کو دراب خان کے اتنے اچھے رویے کا یقین نہیں آیا پر پھر آہستہ آہستہ سب نے دراب خان کے نئے اور اچھے روپ کو اپنا لیا اگرچہ یہ سب انکے لیے حیران کن اور شاکنگ تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

دراب خان اب اپنے علاقے کا من پسند سیاست دان بن چکا تھا کیونکہ وہ ظہان حیدر شاہ کو فولو کررہا تھا ۔۔

_____ _____ _____ _____ _____ _____ _____

شروع میں تو حورا کے زخم بھرنے میں کافی ٹائم لگ گیا تھا اسے کمر میں بے تحاشہ درد ہوتا تھا درد سے ساری ساری رات وہ روتی رہتی تھی ۔۔۔

۔آج بھی اسے بے تحاشہ درد کی وجہ سے اسکی رات کے آخری پہر آنکھ کھل گئی تھی مگر وہ ضبط کررہی تھی ظہان بھی ساتھ سو رہا تھا اسکی وجہ سے حورا خاموش پڑی تھی سارا دن ظہان اسکے ساتھ رہتا تھا اور رات کو ہی اسے کچھ پل ملتے تھے کہ وہ سکون سے سوتا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اب درد کی شدت بڑھتی جارہی تھی اور اب وہ رو رہی تھی اور کمرے میں اسکی سسکیاں گونج رہی تھی ----

ظہان کی آنکھ کسی احساس کے ساتھ کھلتی ھے جیسے ہی وہ اسکی طرف دیکھتا ھے تو حورا آنکھیں بند کرکے رو رہی تھی اور آنسو سے اسکے دونوں رخسار بھیگے ہوئے تھے ---

اینجل -----

کیا ہوا کیا ذیادہ درد ہورہا ھے

ظہان اسکے قریب ہوکر اسکے آنسو صاف کرتا ھے وہ آنکھیں کھول کر دیکھتی ھے تو ظہان فکرمندی سے اسکے چہرے پر جھکا ہوا تھا ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل -----

حورا اسکی گردن کے گرد بازو حمائل کرکے منہ چھپا کر روتی رہتی ھے

ظ ---ظہان م---میری کمر میں بہت درد ہوتا ھے مجھ سے یہ برداشت نہیں ہورہا

ظہان یہ درد میری جان -----

شش اینجل ----

کچھ بھی نہیں ہوگا جب تک میں تمہارے پاس ہوں تمہیں کچھ بھی نہیں ہونے دوں گا

وہ اسکے بال سہلا رہا تھا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیا روزانہ ہوتا ھے یہ درد ---؟؟

جی ----

تو پھر بتایا کیوں نہیں ---

وہ آپ ہر وقت میری وجہ سے پریشان رہتے ہیں اس لیئے آپ کو نہیں بتایا ---

یہ تو غلط ھے اینجل ---

وہ ناراض ہوکر اسے دیکھتا ھے اور پھر آہستہ سے دور ہوتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان مجھے لگا یہ درد ختم ہوجائے گا اس لیئے نہیں بتایا مگر یہ تو دن بعد دن بڑھتا جارہا ھے میں آپ کو بتانے والی تھی --

،،اچھا کب ----؟

یہ تو آج میری آنکھ کھل گئی اور مجھے خود پتا چل گیا ورنہ آپ تو بتانے والی نا تھی ----

ظہان -----

! وہ اٹھنے کی کوشش کرتی ھے مگر اسکی چیخ نکلتی ھے

♥♥♥♥♥♥

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل ۔۔۔۔

وہ جلدی سے اسے سیدھا سلاتا ھے مگر درد مزید بڑھتا جارہا تھا ۔۔۔

ظہان پلیز کچھ کریں مجھے بہت تکلیف ہورہی ھے ۔۔۔

اینجل بس تھوڑا سا برداشت کرو میں ابھی ڈاکٹر کو لے کر آتا ہوں اوکے ۔۔۔

ظہان بہت تیزی سے سیڑھیاں اتر رہا تھا اور وہ گیسٹ روم پہنچ کر دروازہ ناک کرتا ھے سینئر ڈاکٹر جو ابھی اپنی ریسرچ کمپلیٹ کرکے سونے کے لیئے لیٹتا ھے دروازہ پر ہونے والی دستک سے تیزی سے اٹھتا ھے کیونکہ یہ ایسا اتنے مہینے میں پہلی بار ہوا تھا وہ جیسے ہی دروازہ کھولتا ھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

Mr.Zuhan is everything alright???

No Doctor

میری وائف ٹھیک نہیں ھے پلیز آپ جلدی سے چیک اپ کریں اسکی کمر میں بہت درد ھے

ظہان ڈاکٹر کو حورا کی کنڈیشن بتا رہاتھا اور ساتھ تیزی سے سیڑھیاں بھی چڑھ رہا تھا ---

حورا درد سے چلا رہی تھی ---

ڈاکٹر اسکا معائنہ کرتا ھے اور اسے پین کلر دیتا ھے اسکے ذہین میں بہت سارے سوالات تھے مگر وہ فلحال انہیں ڈسٹرب کرنا مناسب نہیں سمجھتا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل وہ اسکا ہاتھ تھامتا ھے اور اپنی اینجل کے پہلو میں بیٹھتا ھے ۔

کچھ آرام ہوا درد ذیادہ تو نہیں ہورہا ---؟؟؟

تھوڑا تھوڑا درد ہورہا ھے ---

تو ڈاکٹر کو بلاتا ہوں ---

وہ اسکا ہاتھ پکڑتی ھے

نہیں ظہان بس آپ میرے پاس رہیں ---

مگر ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان ۔۔۔۔۔

اوکے اوکے غصہ تو نا کرو۔۔۔

وہ اب ظہان کی باہوں کے حصار میں تھی ۔۔۔۔

اینجل اب جب بھی آپ کو پین ہو آپ نے مجھے بتانا ھے چاھے میں سو بھی رہا ہوں تب بھی مجھے جگا دینا ۔۔۔

رو رو کر کیا حال کرلیا ھے

کیا تمہیں مجھ پر تھوڑا سا بھی ترس نہیں آتا ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہمم -----

بکل بھی نہیں ---

وہ سیریس ہوکر کہتی ھے مگر اسکی آنکھوں میں شرارت تھی --

اچھا تو تھوڑا سا بھی ترس نہیں آتا ----

وہ اسکی شرارت جان گیا تھا اس لیئے ناراض ہونے کی ایکٹنگ کرتا ھے ----

ظہان ----

میں آپ کو بتا رہی ہوں آپ مجھ سے ناراض نہیں ہوسکتے یہ آپ کو پہلی اور آخری بار بتا رہی ہوں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مائنڈ اٹ

مجھے دوہرانے کی عادت نہیں ھے ----

اووو تو مسز ------

ہمیں آڈر دے رہیں ہیں ---

مادام آپ کا ہر حکم سر آنکھوں پہ ----

حورا مسکراتی ھے اور ظہان جی جان سے اسکی ہنسی پر فدا ہوگیا تھا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان میں کب تک ٹھیک ہوجاوگی میں تنگ آگئی ہوں بیڈ پر سو سو کر اور مجھے سب کی بہت یاد آتی ھے ---

اینجل ---

مجھے کچھ بتانا ھے میری بات غور سے اور تحمل سے سننا ---

وہ آپ کچھ عرصے تک چل نہیں پائے گی کیونکہ آپ کی کمر میں کچھ پرابلم ہوگئی تھی اور آپ کا ٹریٹمنٹ ہورہا ھے اور بہت جلد آپ چلنا شروع کریں گی --

اینجل ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ جیسے ہی اسکی طرف دیکھتا ھے اسے نیند آگئی تھی ۔۔

تو ظہان اسکے ماتھے پر پیار کرتا ھے

کتنے دن بعد ہمت باندھی تھی آج بتایا بھی تو اینجل کو نیند آگئی ۔۔۔۔

اف۔۔۔۔۔۔

———— ———— ———— ———— ———— ———— ———— ————

اگلی صبح ظہان اپنی مماجانی کو کو کال کرتا ھے ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہیلو ظہان میرے بچے کیسے ہوں مجھے تم دونوں کی بہت یاد آرہی تھی ظہان تم بول کیوں نہیں رہے ----

ظہان ------

م--- مماجانی وہ اینجل ----

کیا ہوا ھے حورا کو سب ٹھیک تو ھے ناں ---

مماجانی ---

ظہان انہیں کل رات کے بارے میں بتاتا ھے اور ظہان حیدر شاہ اپنی مماجانی کے سامنے رو پڑتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مجھ سے اینجل کی حالت دیکھی نہیں جارہی وہ بہت تکلیف میں ھے مماجانی اور میں اسے صرف تسلی اور دلاسہ کے علاوہ اور کچھ نہیں دے سکتا ---

ظہان بلآخر اپنی مماجانی کے سامنے رو پڑتا ھے ---

مماجانی آپ اینجل کے لیئے دعا کریں ناں ----

حیات بیگم مسکراتی ہیں کیونکہ ظہان حیدر شاہ کی بچپن کی عادت تھی جو بھی بات اسے پریشان کرتی تھی وہ سیدھا اپنی پرابلم اپنی مماجانی سے شیئر کرتا تھا اور اسے یقن تھا کہ اسکی

مما جانی کی دعا بہت جلدی قبول ہوتی ھے ---

ظہان میری جان میری دعائیں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ایک بات کہوں ----

جی مما جانی حکم کریں ---

مجھے پتا ھے آپ ہر ممکن کوشش کررہے ہیں حورا کی صحت کیلئے مگر ہماری ایک بات یاد رکھیے گا ---

دعا " ہی ایک ایسا ذریعہ ھے جو ناممکن کو ممکن بنا سکتی ھے اور خاص طور پر وہ دعا جو" کامل یقین کے ساتھ مانگی جائے جس میں شک یا اگر مگر کا کوئی بھی عنصر شامل نا ہوں مطلب کہ میری دعا قبول ہوگی یا نہیں یہ بات بلکل بھی شامل نا ہو میرے مطابق "ایسی دعا ضرور قبول ہوتی ھے چاھے جلدی یا دیر مگر قبول ضرور ہوتی ھے ۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

تم سمجھ رہے ہوں نا میری بات اللہ تعالی کی ذات پر بھروسہ رکھو اور ہر فکر سے آزاد ہوجاو

جی مما جانی ----

اوکے مما جانی

اللہ حافظ ---

☆☆☆☆☆

پھر ظہان اپنے بیڈ روم میں جاتا ھے جہاں اسکی زندگی اسکی اینجل اسکا انتظار کررہی تھی وہ اسکے پاس بیٹھتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

گڈ مارننگ اینجل ----

مارننگ ظہان ----

وہ جیسے ہی واچ کی طرف دیکھتی ھے اف ظہان ----

دن کا ایک بج رہا ھے اور آپ مجھے اس وقت گڈ مارننگ کہہ رہے ہیں ----

تو کیا ہوا میری صبح تو اس وقت ہوتی ھے جب میری اینجل اٹھتی ھے ---

یہ کیسا لاجک ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بس میرا لاجک ھے ---

اف ظہان آپ کو پتا ھے میں کبھی بھی اتنا لیٹ نہیں اٹھی میری اور پاپا کی عادت تھی ہم مارننگ واک ایک ساتھ کرتے تھے اور ڈھیر ساری باتیں کرتے تھے

ہہم تو اینجل اپنے پاپا کو ذیادہ عزیز ہیں فیروزے کے مقابلے ---

پاپا فیروزے سے بھی بہت پیار کرتے ہیں مگر میں انکی ذیادہ لاڈلی ذیادہ پیاری پرنسسز ہوں اور فیروزے ممی کی پیاری شرارتی بیٹی ھے ---

حورا پہلی بار اپنی فیملی کے بارے میں بات کررہی تھی اور ظہان انتہائی توجہ سے اسکی ہر بات سن رہا تھا

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا کے کھانا اور دوائیاں کھانے کے بعد ظہان اسکے پاس بیٹھتا ھے ----

اینجل وہ مجھے بہت اہم بات کرنی ھے ----

جی بولیں ---

وہ ڈاکٹر نے بتایا تھا کہ کمر میں کچھ پرابلم ھے جسکی وجہ سے آپ کچھ عرصے تک چل نہیں پائے گی ----

حورا جیسے ہی یہ بات سنتی ھے اپنے ہاتھ ظہان کے ہاتھوں سے الگ کرتی ھے ---

لیکن وہ پھر سے اسکے ہاتھ تھام لیتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

صرف کچھ دونوں تک آپ نہیں چل پائیں گی ---

مطلب ظہان میں معذور ---

نہیں اینجل ایسا کچھ بھی نہیں ھے اور جب میں نے کہا ھے آپ ٹھیک ہوجائے گی تو آپ کو مجھ ہر اعتبار ہونا چاہیے ----

کیا آپ کواعتبار نہیں ھے ---

ن-- نہیں مجھے آپ پر اعتبار ھے ظہان ----

تو پھر رو کیوں رہی ہیں جب کہ آپ کو پتا ھے آپکا رونا مجھے تکلیف دیتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں تو نہیں رو رہی ظہان ی--یہ آنسو خود بخود بہہ رہیں ہیں رک نہیں رہیں تو میں کیا کرو ---

میں جانتا ہوں اینجل یہ خبر سن کر آپ کا ری ایکشن جائز تھا مگر آپ یہ بات مت بھولیں جب تک میں آپ کے ساتھ ہوں آپ کو کچھ بھی نہیں ہونے دوں گا ----

وہ روتی آنکھوں کے ساتھ ہاں میں سر ہلاتی ہے ---

پھر اسکا ٹریٹمنٹ شروع کیا جاتا ھے تاکہ وہ چل سکے ---

ظہان کے ساتھ اور اسکی محبت نے حورا کے اندر ہر درد برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کردیا تھااور اب وہ جو اٹھ نہیں سکتی تھی بہترین علاج کی وجہ سے اب خود سے بیٹھ سکتی تھی ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرز بھی اسکے جلدی ریکور ہونے پر خوش تھے ----

حورا بیڈ سے ٹیک لگا کر اپنی سوچوں میں گم تھی تب ہی ظہان آتا ھے ----

اینجل جلدی سے آنکھیں بند کرو ---

وہ تابعداری سے آنکھیں بند کرتی ھے ----

کھانے کی خوشبو سے اسے پتا لگ گیا کہ اسکی فیورٹ ڈش ھے

اف -----

ظہان ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اب کیا میں آنکھیں کھول سکتی ہوں ---؟؟؟

اوو سوری اینجل ---

پھر وہ آنکھیں کھولتی ھے

میکرونی ----

اینجل فرسٹ ٹائم کوکنگ کی ھے ----

وہ ٹیسٹ کرتی ھے اور ظہان اسے دیکھ رہا تھا کہ پتا نہیں کیسی لگی ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مگر وہ اسے جان بوجھ کر اگنور کر کے کھانے میں لگی ہوئی تھی تنگ آکر ظہان خود ہی پوچھتا ھے ---

اینجل بتایا نہیں کیسی لگی میکرونی ----؟؟؟

بہت بہت -------

بی ٹیسٹی ----

رئیلی ---؟؟؟

آپ بھی تو کھائیں پھر وہ اپنے ہاتھوں سے اسے کھلاتی ھے --

ہمم ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اف اس میں تو نمک ذیادہ ھے اور تم کہہ رہی ہوں اچھی ھے ---

نو اب تم یہ نہیں کھاو گی ---

کیوں جب میں نے کہا ٹیسٹی ھے تو مطلب ٹیسٹی ھے ---

دیں مجھے کھانی ھے ---

نو-----

وہ پیچھے پکارتی رہتی ھے مگر وہ ملازم کو بلا کر شیف کا بنا ہوا کھانا لانے کو کہتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا ناراضگی کے طور پر جلدی سے لیٹ جاتی ھے ---

وہ مسکرا کر دیکھتا ھے ----

اینجل -----

اٹھو کھانا کھا لوں ---

مجھے نہیں کھانا ---

آج اتنے دن بعد ذائقہ بدلا تھا اور وہ آپ نے نہیں کھانے دیا روزانہ ایک ہی پرہیزی کھانا کھا کر میرا ذائقہ خراب ہوگیا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اچھا سنو اینجل کل میں دوبارہ بناو گا ---

پرامس ----

ہمم چلو اب کھانا کھاو ---

اوکے

کھانا کھاتے ہوئے وہ باتیں کر رہیں تھے ---

ک ظہان کے سہارے کے ساتھ وہ پہلی بار چند قدم لیتی ھے مگر درد کی وجہ سے رک جاتی ھے وہ جلدی سے اسے سیدھا لیٹتا ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان مجھ سے نہیں ہوگا

ب۔۔۔۔بہت درد ہوتا ھے

اینجل یہ تو آپ کے علاج کا آخری مرحلہ ھے آپ کو حوصلہ سے کام لینا ہوگا ۔۔۔۔

نہیں ھے مجھ میں حوصلہ ظہان آپ سمجھ کیوں نہیں رہے میں کبھی بھی چل نہیں پاو گی ۔۔۔۔

چند قدم تو چل نہیں پائی اور آپ کو لگ رہا ھے میں ٹھیک ہوجاو گی ۔۔۔۔

حورا رو رہی تھی اور آج اسکی ہمت جواب دے گئی ۔۔۔۔

ظہان اسے گلے لگاتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان آپ تنگ نہیں ہوئے اتنا عرصہ ہوگیا ھے مجھے شرمندگی محسوس ہوتی ھے آپ ہر وقت میری وجہ سے پریشان رہتے ہیں وہ اسکے سینے میں منہ چھپائے اپنے اندر کا حال بتا رہی تھی ظہان مجھے ڈر لگتا ھے آپ کہیں مجھ سے بیزار نا ہوجائیں ----

اب بس یا اور بھی کچھ کہنا ھے ----

اینجل آپ ایسا سوچ بھی کیسے سکتی ہیں میں اپنے عشق اپنے پیار سے بیزار ہوجاو گا مجھے ایک بات تو بتائیں کیا ہسبینڈ اور وائف کا رشتہ صرف سکھ تک ہوتا ھے کیا یہ رشتہ اتنا کمزور ہوتا ھے کہ جب آپ کی وائف بیمار ہو تو اس کو اگنور کر دیں کہ وہ ایک بوجھ بن گئی ھے ---؟؟؟

نہیں میرے نزدیک ایسا نہیں ھے مثال کے طور پر اگر آپ کی جگہ میں ہوتا تو کیا آپ میری کیئر نا کرتی آپ دن رات ایک کردیتی تو اگر میں ایسا کررہا ہوں تو اس میں ایسا کیا ھے کہ آپ کے ذہن میں اتنے فضول سوچ آگئی -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

رہی بات آپ کے دوبارہ سے چلنے کی تو مجھے اپنے رب پر پورا یقین ھے آپ چند دنوں میں پھر سے چلیں گی ---

ظہان اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں سے پکڑتا ھے ----

Angel just trust me

ظہان مجھے آپ کی عادت ہوتی جارہی ھے اور ویسے بھی محبت میں وسوسے تو ہوتے ہیں تو بس اس لیئے لیکن

I'm sorry

ساتھ ہی حورا اسکی طرف دیکھ کر معصوم سا چہرہ بناتی ھے اور ظہان ہنس پڑتا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان کے سمجھانے کا حورا پر اتنا اثر ہوتا ھے کہ اب وہ جدید مشینوں کے ذریعے بغیر ظہان کے سہارے کے چند قدم چلنا شروع کردیتی ھے مگر وہ ظہان کی نظروں کے حصار میں رہتی تھی ----

---

شیری اور ظہان سب سے ملنے کے بعد روانہ ہوجاتے ہیں شیری آج کافی عرصے کے بعد بہت ذیادہ خوش تھا کیونکہ وہ اپنی جان سے عزیز بہن حورا سے ملنے والا تھا اور ظہان کو اسکے چہرے پر خوشی دیکھ اطمینان حاصل ہورہا تھا راستہ لمبا تھا مگر خوش ہونے کی وجہ سے شیری کو محسوس نہیں ہورہا تھا دونوں ہی اپنے اپنے خیالوں میں کھوئے ہوئے تھے شیری سوچ رہا تھاکہ حورا سس سے ملوں گا تو یہ کہوں گا اور ظہان بھی اپنی اینجل

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کے لیئے پریشان تھا وہ پہلی مرتبہ چند گھنٹوں کے لیئے ہی سہی مگر اس سے دور ہوا تھا وہ تیز ڈرائیو کررہا تھا تاکہ اینجل کے پاس جلد سے جلد پہنچ سکے

شیری بہت ساری باتیں کرنا چاہ رہا تھا مگر ظہان کا سنجیدہ چہرہ دیکھ کر ارادہ ملتوی کر دیتا ھے ---

ظہان کی لینڈ کروزر بلآخر خوبصورت سے محل میں داخل ہوتی ھے جس کے فرنٹ ڈور پر لکھا ہوا تھا

"" Dream House Of Zuhan

and Hurrah ""

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

شیری اس محل کو انتہائی محویت سے دیکھ رہا تھا جہاں گیٹ کے اردگرد سیکورٹی گارڈز کی فوج تھی اس کے جدید سیکیورٹی کا بھی انتظام تھا گاڑی محل کے اندر داخل ہوتی ھے اور اردگرد کی خوبصورتی دیکھ کر شیری بھول گیا تھا کہ وہ کہاں ھے اور کیوں ھے رات کا سما تھا تو وہ محل روشنی سے نہایا ہوا تھا آس پاس تمام ڈیکوریشن بلکل اصل تھی وہ محل قدرتی خوبصورتی کا شاہکار تھا

سامنے سے نظر آتے پہاڑ اور آس پاس سرسبز درختوں نے محل کو گھیرہ ہوا تھا ۔۔۔

شیری پر تو اسکی خوبصورتی کا سحر طاری تھا وہ ظہان کے ہاتھ لگانے پر ہوش میں آتا ھے۔

شیری اندر چلیں تمہاری حوراسس کے پاس ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

جی بھائی چلیں ---

وہ جیسے ہی اندر داخل ہوتے ھیں تو اسکی اندرونی خوبصورتی بھی قابل دید تھی شیری کے لیئے فیصلہ کرنا مشکل تھا کہ محل کا بیرونی حصہ پیارا ھے یا اندرونی ---

محل اتنا دلکش اور حسین کیوں نا ہوتا وہ ظہان کے خوابوں کا محل تھا -----

شیری یہ تمہارا روم ھے تم پہلے فریش ہوجاو ---

بھائی پہلے میں حوراسس سے مل لوں پھر فریش ہوجاوگا۔

چلو پھر

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

شیری کے ساتھ والا کمرہ ہی حورا کا کمرہ تھا وہ دونوں ہی روم میں داخل ہوتے ہیں تو انہیں حورا کی غصہ بھری آواز آتی ھے ---

ہونہہ ویسے تو ہر وقت اینجل اینجل کرتے رہتے ہیں اور اب کتنا ٹائم ہوگیا ھے پتا نہیں کہاں چلے گئے ہیں وعدہ کیا تھا ہر وقت پاس رہوں گا مکر گئے اپنے وعدے سے میں نے بھی سوچ لیا ھے کوئی بات نہیں کروگی پکی والی ناراض ہوجاوگی آنکھوں میں آنسو کو پرے دھکیلتی ھے ----

ظہان پیچھے سے اسے ہگ کرتا ھے اینجل پلیز پکی والی ناراض مت ہونا ورنہ میرا کیا ہوگا۔ ۔

حورا کے چہرے پر مسکراہٹ آتی ھے مگر وہ پھر سے سنجیدہ ہوجاتی ھے ۔ ---

کون ہیں آپ؟

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں تو آپ کو نہیں جانتی --

اینجل ------

اچھا پہلے میری بات سن لو پھر ڈیسائڈ کرنا کہ ناراض ہونا ھے یا نہیں ----

ظہان پھر سے اسے ہگ کرتا ھے اوراس بار اس نے کوئی مزاحمت نہیں کی ----

تمہارے لیئے ایک سرپرائز ھے ---

آنکھیں بند کرو
وہ آنکھیں بند کرتی ھے ۔ ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ شیری کو اشارہ کرتا ھے کہ سامنے آئے شیری جو خوش ہوکر اپنی سس کی باتیں مطلب شکایتیں سن رہا تھا اب اس کے سامنے آتا ھے وہ حورا کو بہت ہی پیار سے دیکھ رہا تھا اتنے عرصے بعد شیری کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں پھر وہ حورا کا ہاتھ تھامتا ھے اور حورا سرگوشی میں کہتی ھے کیوٹ ہیرو وہ جھٹ سے آنکھیں کھولتی ھے سامنے شیری کو دیکھ کر وہ بے انتہا خوش ہوجاتی ھے

ظہان ----

کیا آپ کو شیری نظر آرہا ھے یا یہ پھر سے میرا خواب یا خیال ھے ---

پھر وہ آہستہ سے ہاتھ اسکے چہرے کی طرف بڑھاتی ھے اسکا ہاتھ جیسے ہی شیری کے چہرے کو چھوتا ھے شیری اس ہاتھ کو عقیدت سے تھام لیتا ھے

شیری میرے کیوٹ ہیرو ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

یہ سچ میں تم ہی ہو نا ----

تم بول کیوں نہیں رہے اور یہ کیا حالت بنائی ہوئی ---

شیری -----

وہ اپنی سس کے گلے ملتا ھے اور پھر بے تحاشا روتا ھے حورا کا بھی یہی حال تھا وہ بھی رو رہی تھی ظہان جو اب دونوں سے دور ہوکر بیٹھا تھا جب وہ رونا بند نہیں کرتے تو وہ انکے پاس آکر دھمکی دیتا ھے

اینجل اور شیری اگر تم دونوں نے رونا بند نا کیا تو شیری تمہیں واپس بجھوا دوں گا ---

ظہان کی دھمکی سنتے ہی دونوں جلدی سے اپنے آنسو صاف کرتے ہیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہ ---ہم تو نہیں رو رہے ہیں ناں شیری ---

جی بھائی ہم کہاں رو رہے تھے

اچھا ----

شیری اپنی سس کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑتا ھے کیونکہ وہ ابھی بھی رو رہے تھے اور انہیں ڈر تھا ظہان اپنی دھمکی پر عمل نا کرلے ----

ظہان دونوں کی حرکت پر مسکراتا ھے----

اوکے اب تمہاری میڈیسن کا ٹائم ہورہا ھے کھانا کھایا تھا تم نے --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نہیں -----

میں جان سکتا ہوں کیوں --؟؟؟

حورا مدد طلب نظروں سے شیری کی طرف دیکھتی ھے مگر وہ کوئی رسپانس نہیں دیتا---

اوکے سس میں سونے جا رہا ہوں صبح ملاقات ہو گی ---

او کے ------

شیری تم نے بھی تو کھانا نہیں کھایا تھا پہلے تم کھانا کھا لوں

نو مجھے بس سونا ھے گڈ نائٹ وہ اپنے روم میں چلا جاتا ھے --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان ناراض سی نظر اینجل پر ڈالتا ھے تب ہی دروازے پر دستک ہوتی ھے اور سامنے شیری ہوتا ھے

حورا سس آپ کو ان سے ڈرنے کی ہرگز ضرورت نہیں ھے آپ کا بھائی آگیا ھے ناں تو سب سنبھال لے گا۔۔

شیری کی بات سن کر وہ طنزیہ نظروں سے اسکی طرف دیکھتی ھے اور ظہان اس کو جواب دیے بغیر شیری کو لے کر روم سے باہر جاتا ھے۔۔۔۔

ہاں تو شیری اب بولو کیا کہہ رہے تھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ک۔۔۔کچھ بھی تو نہیں بھائی مجھے نیند آرہی ھے وہ جلدی سے روم میں جاتا ھے پیچھے ظہان کا قہقہ سنائی دیتا ھے ۔

حورا انتظار کر رہی تھی

تب ہی ظہان آتا ھے اس کے ساتھ میڈ تھی جو کھانا لے کر آئی تھی یہاں رکھ دیں ۔۔۔

اوکے سر ۔۔۔

اسکے جانے کے بعد وہ اینجل کے پاس جاتا ھے اور ہاتھ بڑھاتا ھے جسے وہ جلدی سے تھام لیتی ھے پھر ظہان کی مدد سے وہ آہستہ آہستہ چلتی ھے اور صوفے پر بیٹھتی ھے سامنے ہی ٹیبل پر کھانا رکھا ہوا تھا۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ کھانا اپنے ہاتھوں سے کھلا رہا تھا حورا بھی آج بغیر تنگ کیے آرام سے کھا رہی تھی کھانا کے بعد وہ اسے دوائی کھلاتا ھے اس دوران وہ کوئی بھی بات نہیں کرتا ۔۔۔

حورا اب خود چلنے کی کوشش کرتی ھے وہ آہستہ سے قدم اٹھا رہی تھی ظہان اسے دیکھتا رہتا ھے پھر وہ خود ہی بیڈ پر بیٹھتی ھے آج پہلی بار وہ اکیلی کسی سہارے کے بغیر چلی تھی ظہان بہت ذیادہ خوش تھا مگر وہ فلحال اینجل سے ناراض تھا

وہ فریش ہوکر حورا کے پاس سوتا ھے وہ جلدی سے آنکھیں بند کر لیتی ھے مگر اسکی پلکوں کی لرزش سے لگ رہا تھا کہ وہ جاگ رہی تھی وہ انتظار میں تھی ہر رات کی طرح ظہان اسے ماتھے پر کس کرے گا ۔۔۔

مگر ظہان ایسا نہیں کرتا اور کروٹ بدل کر سوجاتا ھے وہ ڈبڈبائی آنکھوں سے اسکی پیٹھ دیکھتی ھے اور پھر بے آواز رونا شروع کردیتی ھے ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان اسکی طرف دیکھتا ھے جو آنکھیں بند کرکے رو رہی تھی وہ اسکے آنسو صاف کرتا ھے ---

حورا اب بھی رو رہی تھی وہ پہلی بار اس سے ناراض ہوا تھا --

اینجل -----

ظہان اسے اپنی بانہوں کے حصار میں لیتا ھے

پلیز رونا بند کرو --

ظ ---ظہان جب میں اٹھی تو آپ نہیں تھے میرے پاس میں کتنی دیر تک آ---آپ کا انتظار کرتی رہی میڈ کتنی بار آئی کہ کھانا کھا لیں میڈیسن کا ٹائم ہورہا ھے مگر مجھے آپ پر بہت ذیادہ غصہ تھا اس لیئے میں نے نا کھانا کھایا اور نا ہی میڈیسن لی --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل ٹھیک ھے میری غلطی تھی آپ کو بتا کر جانا چاھیے تھا مگر آپ جانتی اگر آپ نے تھوڑی بھی دوائی کھانے میں کوتاہی کی تو آپ -----

کیوں کیا آپ نے ایسا آپ کیا مجھ سے دور ہونا چاھتی ہیں --

ن--- نہیں ظہان

سوری نیکسٹ ٹائم ایسا نہیں ہوگا ---

پھر وہ اسکے سینے میں منہ چھپالیتی ھے آپ مجھ سے ناراض ہوئے اور مجھے گڈنائٹ بھی نہیں کہا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میں آپ کو بتا رہی ہوں ظہان یہ پہلی اور آخری بار تھا آپ سے ناراض ہونے کا حق صرف میرے پاس ھے آپ کبھی بھی مجھ سے ناراض نہیں ہونگے وعدہ کریں ----

اوکے اینجل وعدہ وہ اسے گڈنائٹ کہتا ھے چلو اب سوجاو --

مجھے نیند نہیں آرہی میں بہت خوش ہوں آج شیری سے مل کر

آپ نے نوٹ کیا شیری کتنا ویک ہوگیا ھے میں تو پریشان ہوگئ ہوں --

اینجل اس میں پریشان ہونے والی کیا بات ھے اتنے عرصے بعد ملی ہیں تو شیری ویک لگ رہا ھے

ہمم ایسا ہوگا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل ۔۔۔۔

ظہان پلیز کچھ اور دیر پھر وہ باتیں کرتی رہتی ھے اور ظہان اسکے بالوں میں انگلیاں چلاتا رہتا ھے اور پھر وہ نیند کی وادیوں میں چلی جاتی ھے ۔

♡♡♡♡♡♡

صبح شیری فریش فریش سا اٹھتا ھے وہ باہر لان میں جاتا جہاں ظہان پہلے سے موجود تھا

گڈ مارننگ بھائی ۔۔۔۔

مارننگ ۔۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا سس جاگ گئی ہیں --؟؟

نہیں ---

مجھے آپ سے بہت اہم بات کرنی ھے ---

ہمم میں سن رہا ہوں ---

وہ حورا سس اتنی ویک کیوں ہیں اور ڈاکٹر نے کیا کہا تھا وہ کب تک پہلے جیسی ہونگی بھائی میں اب آپ کے ساتھ رہوں گا جب تک وہ مکمل طور پر ٹھیک نہیں ہوتی ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

شیری حورا زندہ ھے اور میرے پاس ھے یہی بات میرے لیئے کافی ھے رہی بات اسکی صحت کی تو ڈاکٹرز کے مطابق وہ جلد ہی ٹھیک ہوجائے گی اورپتا تم بہت لکی ہوں اینجل کل رات پہلی بار خود سے چلی تھی سہارے کے بغیر ---

رئیلی بھائی

ہمم ----

بھائی میں یہی رہوں گا ---

اوکے اب ہم ایک ساتھ واپس جائیں گے ہاں فارب سے بات کرلینا کب سے کال کر رہا ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ناشتہ کے بعد کرو گا بات ---

شیری پھر سارا دن حورا کے پاس رہتا ھے اور آیت کی شادی کی پکس دیکھاتا ھے وہ ہر پل دیکھ رہی تھی اور دل میں اداس بھی تھی کہ کاش میں بھی آیت کی شادی اٹینڈ کرتی ----

حورا سس آپ اداس کیوں ہورہی ہیں آیت کا ولیمہ تب ہوگا جب آپ مکمل طور پر صحت یاب ہوجائیں گی ---

چلیں آپ کی میڈیسن کا ٹائم ہورہا ھے جلدی سے کھائیں ---

شیری مجھے نہیں کھانی میں تنگ آگئی ہوں --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اوکے ظہان بھائی کو کال کرتا ہوں ----

اف شیری ---

لاو دو کھاتی ہوں ---

شیری کی سنگت میں وہ جلدی ریکور ہورہی تھی اور خود شیری بھی اب مینٹلی پرسکون تھا ---

♡♡♡♡♡♡

صبح جب ظہان کی آنکھ کھلتی ھے تو اسے حورا روم میں دکھائی نہیں دیتی وہ بھاگ کر پورے روم کو چیک کرتا ھے مگر وہ کہیں نہیں تھی ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان حیدر شاہ کی یہی پہ صیح معنی میں جان ہوا ہوئی پھر وہ جلدی سے روم سے نکل کر پورے ڈریم ہاوس میں حورا کو دیکھتا ھے مگر وہ اسے ڈریم ہاوس کے کسی کونے میں بھی نہیں ملتی ظہان پاگلوں کی طرح سارے نوکروں پر چلاتا ھے ------

پھر وہ بنا کسی کی کچھ سنے ڈریم ہاوس کے عالیشان گارڈن میں جاتا ھے جہاں دنیا کے ہر طرح کے خوبصورت پودے اور گرینری تھی جو رقبے میں اتنا بڑا تھا کہ اس پورے ڈریم ہاوس کے گارڈن میں گھومتے گھومتے شام ہوجاتی یہ ڈریم ہاوس کا گارڈن خوبصورتی کا شاہکار تھا -------

پھر وہ حورا کو ڈھونڈتے ہوئے اس جگہ پہنچتا ھے جہاں اسکی متاع جاں گارڈن میں موجود بہت سے خوبصورت درختوں سے گرنے والے پھولوں سے کھیل رہی تھی ------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ منظر ہی اتنا دلچسپ تھا کہ اسکی اینجل یلو ڈریس میں سرخ اور اناری رنگ کے ملے جلے پھولوں سے کھیلنے میں مگن تھی تو یہ حسین منظر دیکھتے ہوئے ظہان اپنا غصہ بھول جاتا ہے وہ بھول جاتا ہے کہ وہ کہاں ھے ---------

اسے یاد تھا تو اتنا کہ اسکی اینجل اپنے پیروں پر چل کر بنا کسی سہارے کے یہاں آئی ھے اور اب پورے گاڑڈن میں ان خوبصورت پھولوں کے ساتھ کھیل رہی ھے جو یہاں وہاں جھوم جھوم کر گر رہے تھے --------

شاید وہ بھی ظہان حیدر شاہ کی اینجل اسکی حورا کے ساتھ مستی کرتے ہوئے بہت خوش تھے -----

پھر ظہان دوڑ کر حورا کے پاس جاتا ہے اور اسے ہگ کرتا ھے حورا اچانک ظہان کو اپنے اتنے پاس دیکھ کر گھبرا جاتی ھے مگر پھر وہ بھی اسے خود میں سموتی ھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل میں اپنے رب کا جتنا بھی شکر ادا کروں اتنا ہی کم ھے کہ تم خود چل کر یہاں تک آئی اور کوئی پین بھی نہیں ہوا میری اینجل کو ہاں -----

جی ظہان میری جان میں بلکل ٹھیک ہوگئی دیکھیں میں پہلے کی طرح چل سکتی ہوں اور دوڑ بھی سکتی ہوں وہ یہ کہتے ہوئے گھوم کر چل کر دیکھاتی ھے اور ظہان کی آنکھوں میں اپنی اینجل کو ٹھیک دیکھ کر خوشی کے آنسو آجاتے ہیں ------

پھر وہ حورا کو اپنی باہوں میں اٹھا کر گول گول گھومتا ھے اور پھر حورا کے چہرے کو دیوانہ وار چومتا ھے آج ظہان حیدر شاہ اتنا خوش تھا کہ شاید ہی کوئی اتنا خوش ہوتا --------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر وہ ظہان کے ساتھ اب وہ مارننگ واک کررہی تھی اور ظہان نے اسکے چلنے کی خوشی سب کے ساتھ شئر کی تھی آیت بیگم اور سکندر شاہ نے پورے شہر میں مٹھائی بانٹی تھی اور اعلی' پیمانے پر تمام امیروغریب کے لیئے کھانے کا اہتمام کیا تھا --

ظہان ہم واپس کب جائیں گے ---؟؟؟

جب اینجل پہلے کی طرح ٹھیک ہوجائے گی ---

میں اب ٹھیک ہوں ظہان پیلز مجھے آج بلکہ ابھی واپس جانا ھے ---

مگر ----

اگر مگر کچھ نہیں آپکو مسز ظہان حیدر شاہ کا یہ حکم ماننا پڑے گا -------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

Hahaha.....

Ok my Queen.....

My life.....

My Angel.....

آپ جیسا کہیں گی ویسا ہی ہوگا -----

یہ سننے کی دیر تھی کہ حورا خوشی میں ظہان کے گلے لگتی ھے اور اسے گال پر کس کرتی ھے پھر ظہان بھی اپنی اینجل کی خوشی میں خوش تھا ------

اسکے بعد وہ دونوں بریک فاسٹ کرتے ہیں اور پھر ظہان فارب کو کال کرکے اپنے آنے کا کہتا ھے اور ساتھ میں وہ فارب کو یہ سب سیکرٹ رکھنے کا کہتا ھے -------

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

♥♥♥♥♥♥

شیری ------

کیوٹ ہیرو -----

کہاں ہوں ---؟؟؟

وہ جو فارب کے ساتھ ملکر انکے لیئے سرپرائز پلین کررہا تھا حورا کی آوز سنتا ھے

شیری کال مت کاٹنا مجھے اپنی معصوم سی بہن کی آواز سننی ھے فارب کے کہنے پر وہ سیل فون سامنے رکھتا ھے جہاں سے حورا اسکے کمرے میں آتی ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کیوٹ ہیرو آج میں بہت ذیادہ خوش ہوں اور اپنے پیارے سب سے پیارے بھائی کو بھی اپنی خوشی میں شامل کرنا چاھتی ہوں --

شیری تمہیں پتا ھے آج ہم واپس جارہے ہیں ظہان سے میری بات ہوگئی ھے ---

رئیلی سس ہم واپس جارہے ہیں ---

بلکل شیری

اف میں اتنی اتنی ذیادہ خوش ہوں کیا بتاو ----

اوکے حورا سس آپ چلیں اب یہاں آرام سے بیٹھیں آپ مکمل ٹھیک ہوگئی مگر اتنے عرصے بعد آپ چل رہی تو کچھ دن تک احتیاط سے کام لینا پڑے گا --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہہم تم ٹھیک کہہ رہے ہوں شیری پھر وہ دونوں ہی بیٹھ جاتے ہیں ----

اچھا سس آپ کہہ رہی تھی میں آپ کا سب سے ذیادہ بہت ذیادہ پیارا بھائی ہوں وہ جان بوجھ کر فارب کو تنگ کرنے کی غرض سے حورا سے پوچھ رہا تھا ---

Off course

You are the world best ever best bro my cute hero

فارب تو سچ میں اب جیلس ہوگیا تھا مگر وہ فلحال کنٹرول کررہا تھا کیونکہ ابھی وہ حورا سے بات نہیں کرسکتا تھامگر ڈیڑھ سال بعد وہ اسکی آواز سن رہا تھا تو اسکے لیئے یہی کافی تھا ----

شیری مجھے سب کی بہت یاد آتی ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پاپا ممی فیروزے

آیت مماجانی اور بابا سائیں کی ان سب کی بہت یاد آتی تھی مگر اب میں خوش ہوں کی آج ان سب سے ملوگی ۔۔۔۔

وہ سب کا ذکر کرتی ھے سوائے فارب کے شاید جذبات میں وہ فارب کو بھول گئی تھی فارب نے یہ بات شدت سے محسوس کی تھی ۔۔۔۔

حورا سس ایک بات کہوں یہاں سے واپس جانے کا میرا دل نہیں چاہ رہا یہاں سب کچھ بہت خوبصورت ھے اور خاص طور پر آپ کے ساتھ میں ذیادہ سے ذیادہ ٹائم سپینڈ کررہا تھا واپس جاتے ہی آپکو آیت،فیروزے اور فارب برو گھیرے میں لے لیں گے اور میں پھر سے اکیلا ہوجاو گا ۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

میرے کیوٹ ہیرو اگر تمہارا دل نہیں ھے تو ہم نہیں جاتے سب کو یہیں بلوالیتے ہیں اب تم اداس نا ہوں

مگر حورا سس آپ میری خاطر اپنا ارادہ ملتوی کر رہی ہیں کیا میں آپ کے لیئے اتنا اہم ہوں ---؟؟؟

چلو کیوٹ ہیرو تمہیں ایک چھوٹی سی سٹوری سناتی ہوں اس سٹوری میں تمہیں اپنے سوال کا جواب مل جائے گا ---

ایک فیملی ہنسی خوشی رہ رہی تھی ان کے گھر میں ہر آسائش تھی وہ فیملی پر سکوں زندگی بسر کر رہی تھی وہاں صرف اور صرف ایک چیز کی کمی تھی پتا ھے وہ کمی کیا تھی اس لڑکی کی صرف ایک بہن تھی مگر بھائی نہیں تھا وہ روزانہ دعا مانگتی تھی کہ اسکا بھی بھائی آجائے وقت گزرتا گیا اور وہ لڑکی بھی سمجھدار ہوگئی تھی مگر نا جانے کیوں اس

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

نے اپنی دعا مانگنی نہیں چھوڑی وہ اب بھی اپنے لیئے بھائی مانگتی تھی اور پھر وہ دن بھی آگیا کہ اللہ تعالی نے اس کی دعا سن لی اور اسے ایک بھائی کے بدلے دو بھائی مل گئے اور جیسے کہ بڑا بھائی بہت ذمہ دار ہوتا ھے تو اسکا بھی بڑا بھائی بہت لونگ اور کئرنگ تھا اور چھوٹا بھائی بھی بہت پیارا تھا اس لڑکی کو اپنا چھوٹا بھائی بہت پیارا تھا بڑا بھائی بھی تھا مگر چھوٹا تھوڑا سا ذیادہ پیارا تھا وہ اسکا بہت خیال رکھتی تھی کیونکہ وہ جیسے اپنے بھائی کی دعا مانگتی تھی کہ اسے کبھی بھی اداس نہیں ہونے دے گی اور ہمیشہ اسکی خواہش پوری کرنے کی کوشش کرے گی تو وہ اپنے کہے پر عمل کرتی تھی -----

مجھے سمجھ آگیا سس وہ لڑکی آپ تھی اور آپ کے دو بھائی فارب برو اور میں ہوں مطلب آپ مجھے دعاوں میں مانگتی تھی میں کتنا لکی ہوں آپ کو پتا ھے آیت کے ہوتے ہوئے مجھے بڑی بہن کی کمی ہر وقت محسوس ہوتی تھی فارب برو ہر ممکن کوشش کرتے تھے کہ ہمیں کسی بھی چیز کی کمی محسوس نا ہو مگر یہ وہ بات ھے جو آج میں آپ کو بتا رہا ہوں اور مجھے خوشی ھے کہ مجھے لونگ سس ملی ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اینجل ----

ناٹ فیئر

آپکے کیوٹ ہیرو کی آپ کی زندگی میں بہت اہمیت ھے تو پھر میں کہاں ہوں ----؟؟

ظہان آپ کب آئے ---؟؟؟

تب جب میری اینجل سٹوری سنا رہی تھی ----

حورا سس بھائی جیلس ہورہے ہیں ----

حورا اسکے پاس جاتی ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان اہمیت بتائی نہیں جاتی بلکہ محسوس کی جاتی ھے اور آپ جانتے آپ میرے لیئے کتنے لازم ہیں ----

ظہان اسکے ماتھے پر کس کرتا ھے ---

اینجل میں جانتا ہوں بس تھوڑا سا تنگ کررہا تھا ----

وہ شیری کو اشارہ کرتا ھے اور پھر دونوں ہی ظہان کی باہوں میں تھے ----

مجھے اپنی ساری فیملی سے پیار ھے مگر اینجل سے بہت ذیادہ پیار ھے ----

ظہان اب ہم واپس نہیں جارہے--

کیوں صبح تو آرڈر دیے جارہے تھے ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ظہان بھائی ہم جارہے ہیں

مگر شیری ----

حورا سس میں تو بس مذاق کررہا تھا پھر ہم واپس آجائیں گے یہاں کیوں بھائی ----

کیوں نہیں تمہیں اپنی ویکنڈ والی بات تو یاد ھے ناں تو ویکنڈ پر آیا کریں گے ---

اینجل ٹھیک ھے ناں ---

اسطرح شیری کی سڈیز بھی ایفیکٹ نہیں ہونگی ----

اوکے بھائی جیسے آپ کا حکم

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

مطلب شیری تم جان نہیں چھوڑنے والے کباب میں ہڈی بنو گے ۔۔۔۔

حورا جو اپنی ظہان اور شیری کی پیکنگ کرتی ھے اور پھر وہ حویلی کی طرف روانہ ہوجاتے ہیں ۔

❤❤❤❤❤❤❤❤

حنان آپ ابھی تک نہیں آئے میں نے آپ سے کہا بھی تھا آج ظہان بھائی حورا سس کے ساتھ واپس آرہے ہیں اورآپ ہیں کہ ابھی تک گھر ہی واپس نہیں آئیں ۔۔۔۔۔

ہنی یار بات تو سنو ۔۔۔۔

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ابھی میٹنگ ختم ہوئی ھے اور میں بس پہنچنے والا ہوں ---

آیت جو لائٹ براون کلر کے ڈریس پہن کر تیار کھڑی تھی اور ساتھ ساتھ حنان سے بات بھی کررہی تھی ----

ہنی ناراض کیوں ہورہی ہوں تم بس آنکھیں بند کرو میں تمہارے سامنے ہوں گا مگر ---

اوکے ----

آیت جیسے ہی آنکھیں بند کرتی ھے اسے اپنی کمر پر ہاتھ محسوس ہوتا ھے وہ جھٹ سے آنکھیں کھولتی ھے اور اسکی حنان کی طرف پیٹھ تھی

آپ اگر آگئے تھے تو مجھے بتا دیتے آج آپ پر اتنا غصہ ہوگئی --

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

کوئی بات نہیں آج پہلی بار تمہارا غصے والا روپ دیکھنے کو ملا ۔۔۔۔

سوری حنان وہ بس بھائی اور بھابھی سے ملنے کے لیئے ایکسایٹڈ تھی تو ۔۔۔

جان حنان ۔۔۔۔

بہت بہت خوبصورت لگ رہی ہوں ۔۔۔

آیت کو اپنے ماتھے پر اسکا پیار بھرا لمس محسوس ہوتا ھے اور وہ بند آنکھوں کے ساتھ حنان کے پیار کو محسوس کر رہی تھی وہ کتنے دیر ایک دوسرے کو محسوس کرتے رہتے ہیں اور ان لمحوں کا فسوں آیت کے سیل فون پر آنے والی کال سے ٹوٹتا ھے ۔۔۔۔

فارب بھائی کی کال ھے

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اوکے ہنی تم بات کرو تب تک میں فریش ہوکر آتا ہوں --

جی بھائی ----

آیت گڑیا کہاں ہوں سب آگئے ہیں تم کب تک آو گی ظہان کچھ ہی دیر میں پہنچنے والا ھے ---

بس بھائی ہم بھی پہنچنے والے ہیں ----

حنان وہ بھائی آنے والے ہیں ہم تو لیٹ ہوجائیں گے ---

ریلیکس ہنی ہم پہلے پہنچ جائیں گے ٹرسٹ می ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

پھر حنان اپنے کہے کے مطابق آیت کو حویلی پہنچاتا ھے اور پھر سب ہی بے صبری سے ان سب کا انتظار کررہے تھے ۔۔۔

بالآخر انتظار کی گھڑیاں ختم ہوئی حورا ۔۔۔۔

ظہان اور شیری کے ساتھ حویلی میں داخل ہوتی ھے اوراس کے ہر قدم کے ساتھ پھولوں کی بارش کی جارہی تھی حورا تو بہت خوش ہوکر چل رہی تھی اور حویلی کو بہت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا وہ اتنی خوبصورت حویلی کو دیکھ رہی تھی اور اس خاص استقبال پر اسکی آنکھوں میں آنسو آگئے تھے ۔۔۔

حورا سب سے پہلے اپنے پاپا سے ملتی ھے وہ اپنی پرسسز کو صحیح سلامت دیکھ کر اپنے رب کا شکر ادا کررہے تھے پھر وہ اپنی ممی سے ملتی ھے اسی دوران ظہان اور شیری بھی سب سے مل رہے تھے سکندر شاہ اور آیت بیگم سے ملنے کے بعد آیت اور فیروزے کی

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

باری آتی ھے اور وہ دونوں ہی حورا کو اپنے ساتھ اندر لے جاتی ہیں اور ان دونوں کی بے صبری پر سب ہنس رہے تھے ---

سب اب ڈرائنگ روم میں باتیں کر رہے تھے ---

بجو

I missssssss you a lottttttt.....

فیروزے دور ہو جاو مجھے بھی بات کرنے دو آیت جو کب سے فیروزے کے لاڈ دیکھ رہی تھی آخر بول پڑتی ھے ---

کیوں ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

فیروزے اپنی بجو کو اور مضبوطی سے پکڑ لیتی ھے ----

اف فیروزے ----

ادھر آجاو آیت ---

وہ جلدی سے حورا کے پاس بیٹھتی ھے اور پھر گلے ملتی ھے حورا بھابھی آپ کو بہت یاد کیا اور شکر ھے آج آپ سے مل بھی لیا ---

میں نے تمہیں بہت یاد کیا آیت ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

بجو آپ نے مجھے نہیں یاد کیا جائیں میں اب آپ سے بات نہیں کررہی اور خبردار آیت اب اگر تم ظہان بھائی کے پاس آئی اور لیں جی فیروزے اپنے بھائی کو شکایتیں لگانے پہنچ چکی تھی --

آیت یہ ایسے ہی بول کر گئی ھے کچھ دیر بعد میرے پاس آجائے گی تم بتاو تم خوش تو ہو ناں حنان کا رویہ کیسا ھے تمہارے ساتھ مجھے سب بتاو ----

میں بہت خوش ہوں اور وہ میرا بہت خیال رکھتے ہیں اور انکی فیملی بھی بہت ذیادہ پیار کرتی ھے ----

حورا غور سے آیت کی آنکھوں کی چمک دیکھ رہی تھی جو حنان کے ذکر پر بلش کررہی تھی ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اوو تو میری شکایتیں لگائی جارہی ہیں ----

حنان ان دونوں کے پاس آتا ھے کیونکہ آیت اسکی طرف دیکھ کر بات کررہی تھی ---

نہیں تو ----

آیت تم چپ رہو ہاں تو حنان میری بات غور سے سنو میری بہن کو ہمیشہ خوش رکھنا میں شادی میں نہیں تھی ورنہ یہ نصیحت اس دن کرتی ----

میں آیت کو خوش نہیں رکھو گا ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

حورا اور آیت اسکی طرف سکتے میں دیکھتی ہیں آیت کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں وہ جو لتنے دنوں سے سمجھ رہی تھی کہ حنان نے اسے معاف کردیا وہ سب اسکی خوش فہمی تھی ----

بلکہ بہت ذیادہ خوش رکھوں گا وہ اپنی بات مکمل کرتا ھے ---

اف حنان تم نے تو ڈرا ہی دیا ---

آیت کی حالت تو دیکھو حنان بری بات ----

اوکے سوری آیت میں تو ابھی بات کررہا تھا اور تم نے میری پوری بات سنے بغیر ہی خود ہی سوچنا شروع کردیا ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

چلو حنان جب تک تم اسے مناو میں آرہی ہوں ----

حورا اب بے تاب سی اپنے بھائی کو ڈھونڈ رہی تھی جو اسے کہیں بھی نظر نہیں آرہا تھا وہ اوپر کی طرف جاتی ھے تاکہ فارب کو ڈھونڈ سکے کیونکہ سب ہی باتیں کررہے تھے اور وہ کسی سے پوچھ بھی نہیں سکتی تھی مگر ظہان کا دھیان اپنی اینجل پر ہی تھا وہ جلدی سے اسکے پاس جاتا ھے تاکہ اسکی اینجل مزید پریشان نا ہوں ----

اینجل -----

ظہان وہ فارب بھائی کہاں ہیں میں انہیں کب سے ڈھونڈ رہی تھی مگر مجھے کہیں بھی نہیں مل رہے وہ مجھ سے ناراض ہیں ---

آپ کو پتا ھے کہ وہ کہاں ہیں ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

ہمم ایک شرط پر بتاو گا ----

مجھے منظور ھے ---

ارے پہلے جان تو لوں میری شرط یہ ھے فارب سے ملنے کے بعد تم ریسٹ کرو گی اور دوائی بھی کھاو گی تمہیں پتا تو ھے ڈاکٹر نے ابھی کچھ دن مزید احتیاط کرنے کا کہا ھے ---

مگر ظہان میں سب کے ساتھ کچھ دیر بیٹھنا چاہتی ہوں ---

ہاں تو اینجل سب یہیں پر ہیں رات آپ پھر باتیں کر لینا ----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

اولے ویسے آپ ٹھیک نہیں کررہے ظہان اگر میں فارب بھائی کی وجہ سے مجبور نا ہوتی تو آپ کی بات ہرگز نا مانتی ----

اینجل ----

اف اب بتائیں بھی کہاں ھے میرا بھائی ----

تم سے چند قدم دور بالکنی میں ---

حورا بھاگ کر اس طرف جاتی ھے اینجل دھیان سے ----

فارب بھائی -----

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

وہ اسکے پاس جاتی ھے اور اسکے ساتھ کھڑی تھی ---

آپ کو پتا ھے میں نے سب سے ذیادہ کسے یاد کیا ----

فارب اسکی طرف دیکھتا ھے ---

آپ کو ---

اپنے لونگ کئرنگ بھائی کو آپ ظہان کو جب بھی کال کرتے تھے مجھے پتا ہوتا تھا میرا بھی آپ سے بات کرنے کا دل کرتا تھا مگر دوائیوں کے زیراثر میں ذیادہ تر سوتی رہتی تھی تو آپ سے بات نہیں کر سکتی تھی --

حورا رو رہی تھی اور فارب کہاں برداشت کرسکتا تھا کہ اسکی بہن کی آنکھوں میں آنسو آئیں وہ اسے چپ کراتا ھے ---

pdfnovelsbank.blogspot.com

Pdf Novel Bank

